## Faysal Islami Noor Card

# Terms and Conditions

# شرائط وضوابط

## برانچ نیٹ ورک

**سندھ**

گھوٹکی، حیدرآباد، کندھ کوٹ، کراچی، لاڑکانہ، کوئٹہ، شہدادکوٹ، سکھر

**پنجاب**

احمد پور ایسٹ، عارف والا، بہاولپور، بوریوالا، چشتیاں، چیچہ وطنی، ڈسکہ، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، گجر خان، گوجرانوالہ، گجرات، ہارون آباد، جہلم، خانیوال، لاہور، منڈی بہاؤالدین، ملتان، اوکاڑہ، پاک پتن، پتوکی، ربواچناب نگر، رحیم یار خان، رنالہ خرد، راولپنڈی، صادق آباد، ساہیوال، سرگودھا، سیالکوٹ، وہاڑی

**خیبر پختون خواہ**

پشاور

**وفاقی دارالحکومت**

اسلام آباد

**آزاد جموں اور کشمیر**

میرپور


For details, please visit
faysalbank.com | 021 111 06 06 06 | WhatsApp Number 03101786786
faysalbankislamicbanking faysalbankltd faysalbanklimited

رجسٹرڈ آفس
فیصل ہاؤس
ST-02، شاہراہِ فیصل
کراچی، پاکستان

## 1. تعریفات

"Accrued Profit" کا مطلب ہے، منافع کی رقم جس کی ادائیگی مساومہ کے عقد کی بنیاد پر کسٹمر پر بینک کی طرف لازم ہے اور جس کے نتیجے میں بینک کی طرف سے مطالبہ کیا جاتا ہے۔

"Profit" سے مراد وہ منافع ہے جو کہ شیڈول آف چارجز میں متعین ہوتا ہے جو ہر قسم کے بقایا بیلنس پر لاگو ہوگا۔

"Agreement" کا مطلب ہے، مساومہ فائنانسنگ کا معاہدہ جو کہ بینک اور کسٹمر کے درمیان کیا گیا ہو۔

"Application" کا مطلب ہے، کارڈ کی سہولت حاصل کرنے کے لیے درخواست فارم، جو کہ مکمل ہو، دستخط شدہ ہو اور کسٹمر کی طرف سے بینک کو جمع کروایا گیا ہو۔

"ATM" کا مطلب ہے خود کار ٹیلر مشین، یا کوئی بھی کارڈ سے چلنے والی مشین یا ڈیوائس، خواہ اس مشین کا تعلق بینک سے ہو یا دوسرے شریک بینکوں سے یا مالیاتی اداروں سے یا متعلقہ اداروں سے یا ویزا کارڈ سے یا ماسٹر کارڈ گلوبل اے ٹی ایم نیٹ ورک سے یا اس سے وابستہ نیٹ ورک سے جو کہ کارڈ کو قبول کرتا ہو۔



"CARD PIN" کا مطلب ہے، ذاتی شناخت نمبر جو کہ کارڈ ممبر کو یا ضمنی کارڈ ممبر کو یا کارڈ ممبر کے ذریعہ منتخب کیے گئے شخص کو یا ضمنی کارڈ ممبر کے ذریعہ منتخب کیے گئے شخص کو کارڈ ممبر بنانے کے لیے جاری کیا گیا ہو اور جو کہ تیار کیا گیا ہو IVR (Interactive Voice Recording) کے ذریعے Point of Sale (POS) پر استعمال کے لیے یا ATM پر نقد رقم نکالنے کے لیے۔

"Bank" کا مطلب ہے فیصل بینک لمیٹڈ۔

"Card" سے مراد FBL Islami Visa Card , Master Card یا دیگر کوئی کارڈ (لیکن صرف ان ہی تک محدود نہیں) بلکہ شریک برانڈز کے کارڈز، ای کارڈ، ڈیبٹ کارڈ، ثانوی یا ضمنی کارڈز جو کہ وقتاً فوقتاً بینک کی جانب سے کارڈ ممبر کو جاری کیے گئے ہوں اور ان میں ضمنی اور بعد میں جاری کیے گئے کارڈز، تجدید کیے گئے اور متبادل کارڈز، اگر کوئی ہوں، شامل ہیں، جب تک کہ سیاق وسباق اس کے علاوہ پر دلالت نہ کرے۔

"Customer Account" یا "Card Account" سے مراد مضاربہ پر مبنی ایک ایسا اکاؤنٹ ہے جو معاہدہ کے تحت بینک کی طرف سے کسٹمر کے لیے کارڈ کی سہولت کو بڑھانے کے لیے کھولا گیا ہو اور ان

شرائط وضوابط کے تحت، جن کا مقصد اکاؤنٹ سے یا اس کے لیے ہونے والی وصولی/ چارجز کا اندراج ہو یا ان وصولیوں کا اندراج ہو جو کہ کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کے اکاؤنٹ میں موصول ہوں (اگر کوئی ہوں) اور اس میں شامل ہیں بغیر کسی حد کے کارڈ کے ذریعے ٹرانزیکشن کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے اکاؤنٹ سے ہونے والی تمام وصولیاں (debit) جو چارجز یا واجبات کی وصولی کے لیے کی گئی ہوں۔

"Cardmember" یا "Customer" یا "Card member" سے مراد وہ شخص ہے جس کو بینک کے ذریعہ کارڈ جاری کیا جاتا ہے اور اس میں ہر ضمنی کارڈممبر بھی شامل ہوتا ہے، اگر کوئی ہو تو

"Card Transaction" سے مراد کسی بھی قسم کی ادائیگی جو کی گئی ہو یا نقد رقم جو نکالی گئی ہو یا کارڈ اکاؤنٹ سے ڈیبٹ ہونے والی کوئی رقم یا کسی سامان، خدمات اور دیگر فوائد کے لئے بینک یا کسی Merchant کے ذریعہ وصول کی گئی کوئی رقم (بشمول رہائش یا آمدورفت کے خواہ وہ کارڈممبر کی طرف سے استعمال کیا گیا ہو یا نہیں) کارڈممبر کے ذریعہ، خواہ کارڈ استعمال کیا گیا ہو یا کارڈ نمبر استعمال کیا گیا ہو یا پن نمبر استعمال کیا گیا ہو یا کسی بھی اور طریقے سے کارڈممبر کے ذریعے کارڈ استعمال کیا گیا ہو بشمول میل، ٹیلیفون، facsimile، ای میل، الیکٹرونک میسیج یا مواصلات کے کسی دوسرے ذریعے سے آرڈر



یا ریزرویشن کے لیے، کارڈممبر کے ذریعہ اجازت دی گئی ہو، اس سے قطع نظر کہ سیلز یا نقدی نکالنے کے لیے ہو یا دوسرے واؤچر یا فارم کے لیے جس پر کارڈممبر کے دستخط ہو۔

"Cash Withdrawal" سے مراد، کارڈممبر کے ذریعے کسی بھی کرنسی میں بینک یا کسی بھی شریک مالیاتی ادارے یا اے ٹی ایم سے نقد رقم کی صورت میں یا ادائیگی کی کسی دوسری شکل میں رقم نکلوانا یا رقم سے فائدہ حاصل کرنا۔

"Card Absent Environment" سے مراد ادائیگی کے ایسے پلیٹ فارم جو کارڈ پر بغیر کارڈ کے خارجی طور پر موجود ہونے کے ادائیگی کو قبول کرتے ہوں جیسے انٹرنیٹ یا ای کامرس۔

"Card Present Environment" سے مراد ادائیگی کے ایسے پلیٹ فارم جو کارڈ پر، کارڈ کے خارجی طور پر موجود ہونے کی صورت میں ادائیگی کو قبول کرتے ہوں جیسے Point of Sale (POS) یا ATM۔

"Charges" کا مطلب ہے وہ رقم جس کی ادائیگی شرائط وضوابط کے تحت بینک کو کرنا کارڈممبر پر لازم

ہو،اس میں تمام کارڈ کے ذریعہ ہر قسم کی لین دین، سالانہ فیس (چپ فیس وغیرہ) جمع شدہ منافع، دیگر فیسز یا چارجز کے گوشوارے میں ذکر کردہ مخصوص چارجز اور وہ تمام نقصانات جو کارڈ کے استعمال یا کارڈ ممبر کی طرف سے شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی وجہ سے بینک نے برداشت کیے ہوں یا شرائط وضوابط کے تحت بینک نے اپنے حقوق کی حفاظت کے لیے جو نقصانات برداشت کیے ہوں، وہ سب شامل ہیں۔

"Oustanding Balance" سے مراد ہے وہ مکمل ڈیبٹ بیلنس جو کسٹمر کے اکاؤنٹ پر واجب الادا ہے اور کارڈ ممبر پر جس کی ادائیگی بینک کو کرنا لازم ہے یا کل کریڈٹ بیلنس جو کسٹمر کے اکاؤنٹ سے معلوم ہو رہا ہو اور بینک کے ریکارڈ کے مطابق اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ جاری ہونے کی تاریخ پر ہر قسم کے چارجز اور واجبات بھی اس سے مراد ہیں۔

"Expiry Date" سے مراد میعاد ختم ہونے کی تاریخ ہے یعنی وہ تاریخ جو بینک نے کارڈ پر کارڈ کی میعاد ختم ہونے کے لیے درج کی ہو۔

"Limit" سے مراد ڈیبٹ بیلنس کی وہ زیادہ سے زیادہ حد ہے جس کی اجازت بینک کی طرف سے قابل اطلاق کارڈ کے لیے کسٹمر اکاؤنٹ میں دی گئی ہو، اور وقتاً فوقتاً بینک کی طرف سے جس کی اطلاع دی جاتی



رہی ہو۔

"Liabilities" سے مراد ہر قسم کی وہ رقم (چارجز کے علاوہ) جس کی ادائیگی معاہدے کے مطابق کارڈ ممبر کی طرف سے بینک کو کرنا لازم ہو، اسی طرح حاصل شدہ نفع اور ہر قسم کے تبادلے کے اخراجات یا کوئی اور پریمیم، فیسز، امپورٹ ڈیوٹیز اور کسی بھی قسم کی لیویز ڈیوٹیز یا ایسی رقم جو کم سے کم ادا کرنا لازم ہو، مساومہ کی رقم کی ادائیگی، اسٹیمپ ڈیوٹیز، ایکسائز ڈیوٹیز یا رقم کی فراہمی پر بقایا رقم پر لاگو ہونے والے ٹیکسز یا مالی سہولیات کی فراہمی پر لاگو ہونے والے ٹیکسز یا اس کے علاوہ کسی بھی قسم کے ٹیکسز وہ سب اس میں شامل ہیں۔ اسی طرح کسی بھی قسم کے حکومتی اقدامات یا حکومتی پالیسی کے نتیجے میں ہونے والے وہ تمام نقصانات جو بینک نے برداشت کیے ہوں جو کارڈ ممبر کی غیر ملکی کرنسی کے معاوضوں کی ادائیگی کو روکتا ہو، اسی طرح اس میں بغیر کسی حد کے لاگت، اخراجات، نقصانات اور قانونی اخراجات اور ادائیگی کے اخراجات، یا وہ اخراجات جو درخواست کے سلسلے میں یا اس کے مطابق کاموں کے نفاذ کے سلسلے میں ہوئے ہوں وہ سب اس میں شامل ہیں۔

"Merchant" سے مراد وہ شخص یا ادارہ ہے جو سامان یا خدمات یا دیگر سہولیات کی فراہمی کرتا ہو اور

کارڈ یا کارڈ نمبر کو رقم کی ادائیگی کے لیے قبول کرتا ہو یا بینک کے ساتھ کیے جانے والے معاہدہ کے تحت کارڈ ممبر کی طرف سے کی جانے والی ٹرانزیکشن یا ریز رویشن کو قبول کرتا ہو۔

"Minimum Payment required" سے مراد بقایا رقم اور واجبات کا پانچ فیصد یا کم سے کم وہ رقم جو بینک نے اپنی صوابدید کے مطابق قابل اطلاق اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ پر متعین کی ہو، نیز اگر سابقہ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کے مطابق ادائیگی نہ کی گئی ہو اس کو شمار کر کے بینک کم سے کم ادائیگی کی رقم متعین کرتا ہے۔

"Month" سے مراد عیسوی کیلنڈر کا مہینہ ہے۔

"Multiple Limit" سے مراد وہ مکمل لمٹ ہے جو کارڈ ممبر کے لیے ہر طرح کے کارڈ کے لیے منظور کی گئی ہو۔

"Musawamah Contract" سے مراد کسٹمر اور بینک کے درمیان ہونے والا عقد ہے جو کارڈ کی سہولیات سے متعلق ہونے والے معاہدے سے متعلق ہو۔

"Musawamah Price" سے مراد وہ رقم ہے جو معاہدے اور مساومہ کے عقد کے تحت کسٹمر کے



ذمہ بینک کو ادا کرنا لازم ہے۔

"Musawamah Payment" سے مراد رقم کی ادائیگی کے لیے ادائیگی کی مطلوبہ تاریخ یا مقررہ تاریخ سے زیادہ تاخیر کی صورت میں بینک کی صوابدید کے مطابق بینک کی طرف سے ادائیگی کا مطالبہ ہے، اسی طرح شرائط وضوابط اور مساومہ کے معاہدے کے تحت کم سے کم ادائیگی کے مطالبے سے کم رقم جو کہ کسٹمر کی جانب سے ادا کی گئی ہو اس کا مطالبہ بھی مراد ہے۔

"Total Payment Required" سے مراد ہے وہ مکمل بقایا بیلنس جو کارڈ اکاؤنٹ پر واجب الادا ہے اور کارڈ ممبر پر جس کی ادائیگی بینک کو کرنا لازم ہے یا کل کریڈٹ بیلنس جو کسٹمر کے اکاؤنٹ سے معلوم ہو رہا ہو، اور اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ جاری ہونے کی تاریخ پر بینک کے ریکارڈ کے مطابق ہر قسم کے چارجز اور واجبات بھی جو قابل ادائیگی ہوں اس سے مراد ہیں۔

"Payment Required Date" سے مراد ادائیگی کی وہ تاریخ ہے جو اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ میں مقرر کی گئی ہو اور اس تاریخ پر کم سے کم مقرر کردہ رقم کی ادائیگی لازم ہو یا وہ بقایا بیلنس جو کارڈ ممبر کی طرف سے بینک کو مقررہ تاریخ پر ادا کیا جانا ہے اس کی ادائیگی کی تاریخ مراد ہے۔

"Rupee", "Pak Rupee" or "Rs" سے ان شرائط وضوابط کے تحت پاکستانی کرنسی روپیہ مراد ہے۔

"Schedule of Charges" or "SOC" سے مراد وہ دستاویز ہے جو مساومہ کی رقم کی ادائیگی، چارجز اور دیگر فیسز جو کہ کارڈ یا کارڈ کے ذریعے ہونے والی ٹرانزیکشن پر یا کسٹمر کے اکاؤنٹ پر قابل اطلاق ہو، پر مشتمل ہو اور جو سال میں دو مرتبہ بینک کی طرف سے کارڈممبر کو جاری کی جائے اور یہ چارجز کا گوشوارہ یا دستاویز بینک کی شاخوں پر بھی دستیاب ہوگی اور ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگی اور سال میں دو مرتبہ اس کی تجدید کی جائے گی۔ چارجز کا گوشوارہ معاہدے کا حصہ ہوگا۔

"Statement of Account" سے مراد بینک کی ماہانہ یا دیگر دورانیوں پر مشتمل اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ ہے جو کہ کارڈممبر کو ارسال کی جاتی ہے جو واجب الادا تاریخ پر بقایا رقم اور کم سے کم رقم کی ادائیگی کی رقم کو بتاتی ہے جو کہ کسٹمر کے اکاؤنٹ پر لازم ہوتی ہے اور وہ رقم بینک کو واجب الادا تاریخ پر ادا کی جاتی ہے اور اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ چارجز اور دیگر واجبات کے بارے میں بھی مکمل تفصیلات پر مشتمل ہوتی ہے۔

"Supplementary Card" سے مراد ضمنی ویزا کارڈ یا ضمنی ماسٹر کارڈ یا دیگر کوئی کارڈ جو بینک



کی طرف سے جاری کیا گیا ہو۔

"Terms and Conditions" سے مراد کارڈ پر لاگو شرائط وضوابط ہیں: کارڈممبر کی درخواست پر ضمنی کارڈممبر کے لیے اور بعد میں جاری کردہ کارڈز خواہ تجدید کے لیے ہو یا متبادل کے طور پر ہو، یہ سب کارڈز شامل ہیں جب تک کہ سیاق وسباق اس کے علاوہ پر دلالت نہ کرے اور ان تمام کارڈز پر لاگو شرائط وضوابط مراد ہیں۔

"Supplementary Cardmember" سے مراد وہ شخص ہے جسے ضمنی کارڈ جاری کیا گیا ہو۔

"T PIN" کا مطلب ہے، ذاتی شناخت نمبر جو کہ کارڈممبر کو یا ضمنی کارڈممبر کو یا کارڈممبر کے ذریعہ منتخب کیے گئے کو یا ضمنی کارڈممبر کے ذریعہ منتخب کیے گئے کو کارڈممبر بنانے کے لیے جاری کیا گیا اور جو کہ تیار کیا گیا ہو IVR (Interactive Voice Recording) کے ذریعے ٹیلیفونک بینکنگ کی سہولیات کو استعمال کرنے کے لیے جو کہ بینک کے ذریعہ فراہم کی گئی ہو۔

"Validity Date" سے مراد کارڈ پر بینک کی طرف سے مقرر کردہ میعاد کی تاریخ ہے۔

"US Dollar" سے مراد ریاست ہائے متحدہ امریکا کی کرنسی ہے۔

"Membership" سے مراد تکافل کوریج کا معاہدہ ہے۔

**جب تک کہ سیاق وسباق اس کے علاوہ پر دلالت نہ کرے ان شرائط وضوابط میں:**

i. واحد لکھا گیا لفظ جمع پر اور جمع لکھا گیا لفظ واحد پر مشتمل سمجھا جائے گا۔

ii. جہاں سیاق وسباق اجازت دیتا ہو وہاں کارڈممبر کا کوئی بھی حوالہ کسی بھی یا تمام وارثوں کو، وصی کو، منتظمین کو اور جانشینوں کو شامل سمجھا جائے گا۔

iii. مذکورہ شقوں کی سرخیاں ان کی تشریح یا وضاحت کے لیے کافی نہیں سمجھی جائیں گی۔

## 2. کارڈ کی وصولی:

2.1۔ کارڈممبر کی درخواست ایک پیشکش ہوگی جسے بینک اپنی صوابدید پر قبول کرسکتا ہے اور مذکورہ پیشکش اور منظوری دونوں شرائط وضوابط کے مطابق ہوں گی۔ کارڈممبر کی درخواست منظور ہونے اور دیے گئے شرائط وضوابط کے تحت کارڈ جاری ہونے کی صورت میں کارڈممبر خود کارڈ وصول کرسکتا ہے



یا اس کے بلنگ پتہ پر بذریعہ کوریئر ارسال کیا جاسکتا ہے۔ تمام تجدیدی یا تبدیل شدہ کارڈ، کارڈممبر کے آخری معلوم بلنگ کے پتے پر بذریعہ کوریئر ارسال کیے جائیں گے۔ کارڈممبر کے آخری معلوم بلنگ پتے پر غیر وصول شدہ مراسلے یا خطوط واپس آنے کی صورت میں کارڈممبر کے متبادل پتے پر ارسال کر دیے جائیں گے۔

2.2۔ کارڈممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کارڈممبر کی طرف سے بینک سے کیے گئے معاہدے کے تحت، دستخط شدہ ایپلیکیشن فارم کی نقل اور دیگر متعلقہ دستاویزات کا مطالبہ بینک سے کرے۔ کارڈممبر، ایپلیکیشن فارم اور اس سے متعلقہ دستاویزات اپنے ریکارڈ کے لیے رکھ سکتا ہے اور اگر چاہے تو اپنی ذمہ داری پر انہیں ضائع بھی کرسکتا ہے۔

2.3۔ کارڈممبر یا ضمنی کارڈ (ممبرز) اگر ہوں تو کارڈ وصول کرتے ہی ان تمام شرائط وضوابط کی تصدیق کرتے ہیں اور وہ اپنے کارڈ کے غلط استعمال اور ہر دھوکہ دہی کے ذریعے بینک کو ہونے والے کسی ممکنہ نقصان کو روکنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنائیں گے۔

2.4- کسی کارڈ ٹرانزیکشن کے آغاز سے پہلے اور اس کارڈ کو فعال کرنے کے لیے یہ بینک کی صوابدید پر منحصر ہے کہ وہ کارڈ ممبر سے مطالبہ کرے کہ وہ اپنی مرضی سے اس کارڈ کو اپنے اس کنٹیکٹ نمبر کے ذریعے ایکٹیو کروائے جو بینک کے پاس سسٹم میں رجسٹرڈ ہے یا پھر کسی اور ایسے طریقے سے جس کی ہدایت بینک کی جانب سے کی جائے۔

2.5- کارڈ ممبر اس بات سے بھی اتفاق کرتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہر ضمنی کارڈ ممبر ان شرائط وضوابط اور شیڈول آف چارجز اور ان میں ہونے والی وقتاً فوقتاً ترامیم کو بغور پڑھے اور سمجھے گا، اس لیے کہ کارڈ ممبر ہی ضمنی کارڈ ممبر کی جانب سے ضمنی کارڈ کے استعمال سے ہونے والے اخراجات کی ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔

## 3- کارڈ کے استعمال پر پابندیاں

3.1 یہ کارڈ ناقابل انتقال ہے، اس لیے کسی بھی شخص کو سوائے ممبر (یا باقاعدہ مجاز ضمنی کارڈ ممبر) کے اس بات کی اجازت نہیں ہے کہ وہ اس کارڈ کو چارجز یا کارڈ ٹرانزیکشن یا شناخت یا پھر کسی اور مقصد کے لیے استعمال کرے (نہ ہی کارڈ ممبر کسی شخص کو ایسا کرنے کی اجازت دینے کا مجاز ہے)۔ کارڈ ممبر اپنے کارڈ کو قابل استعمال ہونے کی تاریخ سے قبل یا اختتام کی مدت کے بعد استعمال نہیں کرے گا۔



3.2 کارڈ ممبر اپنے کارڈ اور ضمنی کارڈ کو محفوظ طریقے سے رکھے جانے کو یقینی بنائے گا، کارڈ کے چوری ہوجانے یا گم ہوجانے کی صورت میں اور کارڈ کے غیر مجاز فرد کے استعمال کے نتیجے میں ہونے والے اخراجات کی صورت میں، ان شرائط وضوابط کے تحت صرف اور صرف کارڈ ممبر ذمہ دار ہوگا، ماسوائے اس کے کہ کارڈ کے گم ہوجانے یا چوری ہوجانے کی صورت میں یا غیر مجاز فرد کے استعمال کے بارے میں کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر نے بینک کو فوری طور پر مطلع کر دیا ہو، جس کے نتیجے میں ان کارڈز یا اکاؤنٹس کو بینک کی جانب سے بند یا بلاک کر دیا گیا ہو۔

3.3 کارڈ ممبر ان شرائط وضوابط کا مکمل طور پر پابند ہوگا اور کارڈ پر عائد ہونے والے تمام چارجز اور دیگر اخراجات کی ادائیگی کا پابند ہوگا اور کارڈ ممبر اس بات پر رضامندی ظاہر کرتا ہے کہ کارڈ صرف کارڈ ممبر (یا کسی مجاز ضمنی کارڈ ممبر) کی جانب سے ہی، کریڈٹ کی حد کے اندر کارڈ ٹرانزیکشن یا پھر سہولیات کے حصول، فوائد اور سروسز جو کہ بینک، مالیاتی ادارے، شریک بینک یا کسی Merchant کی جانب سے وقتاً فوقتاً مہیا کی گئی ہوں، استعمال کیا جائے گا۔ خالصتاً بینک کی صوابدید ہوگی کہ وہ کارڈ ممبر کو مطلع کر کے یا اس کے علم میں لائے بغیر کسی بھی وقت ایسی کسی کارڈ ٹرانزیکشن کی اجازت دے دے جو کہ کارڈ ممبر کی کریڈٹ کی حد سے زیادہ ہو۔ اگر کارڈ ممبر کی جانب سے کریڈٹ کی حد سے تجاوز ہوتا ہے تو وہ بینک کے حقوق اور تلافی

کے حق کو متاثر کیے بغیر لمٹ سے زیادہ خرچ کی جانے والی رقم کی بینک کو فوری ادائیگی کا پابند ہوگا۔

3.4 اس بات سے قطع نظر کہ کارڈممبر کی کریڈٹ کی حد استعمال نہ ہوئی ہو بینک کو مکمل اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وقت کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کو مطلع کیے بغیر یا ان کے علم میں لائے بغیر یا کسی وجہ کے بغیر کارڈ یا کارڈ اکاؤنٹ کے استعمال کو محدود کردے، کسی کارڈ ٹرانزیکشن کی اجازت نہ دے یا کریڈٹ کی حد کو بڑھا یا گھٹا دے، یا پھر کارڈممبر کو دیے جانے والے فوائد اور سہولیات میں ترمیم کرے یا انہیں یکسر ختم کردے۔ یہ اقدامات بینک عمومی طور پر کسی بھی کارڈممبر کے لیے کرسکتا ہے یا پھر کچھ مخصوص کارڈممبران کے لیے باوجود اس کے کہ وہ شرائط وضوابط کی کسی شق کی خلاف ورزی کے مرتکب نہ ہوئے ہوں۔

3.5 کارڈممبر اور ضمنی کارڈممبر اس بات کا پابند ہوگا کہ وہ کارڈ کے لیے درخواست یا دیگر طرح سے فراہم کی گئی معلومات میں کسی تبدیلی یا ممکنہ تبدیلی سے بینک کو فوری طور پر آگاہ کرے۔ کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر اس بات سے بھی اتفاق کرتا ہے کہ بینک کی جانب سے کسی بھی وقت طلب کی جانے والی معلومات، دستاویزات اور دیگر تفصیلات سے بینک کو آگاہ کرے گا۔ کارڈممبر اور ضمنی کارڈممبر اس بات پر بھی رضامندی ظاہر کرتے ہیں کہ وہ ایسے تمام واقعات یا ممکنہ واقعات سے بھی بینک کو آگاہ کریں گے جو کہ شرائط وضوابط



سے تعلق رکھتے ہوں اور جن کے باعث وہ کارڈممبر بنے ہوں، جن میں درج ذیل بھی شامل ہیں:

(ا) کارڈممبر کی جانب سے پاکستان سے باہر رہائش اختیار کرنے کا ارادہ یا منصوبہ بندی

(ب) کارڈممبر کی ذاتی معلومات میں کسی بھی قسم کی تبدیلی جس کا تذکرہ کارڈممبر نے کارڈ کے درخواست فارم میں کیا ہو یا پھر دیگر کوئی معلومات جو اس نے وقتاً فوقتاً بینک کو دی ہوں جن میں کارڈممبر کے گھر یا دفتر کے پتہ میں تبدیلی، اس کی ملازمت یا عہدے میں تبدیلی یا کسی بھی قسم کی تبدیلی۔

3.6 (ا) نہ تو کارڈممبر اور نہ ہی ضمنی کارڈممبر اپنے کارڈ یا ضمنی کارڈ کو خلاف قانون ٹرانزیکشن کے لیے استعمال کریں گے اور نہ ہی دیگر طریقہ سے جن میں جوا شامل ہے اور نہ ہی کسی تیسرے فریق کو ایسا کرنے کی اجازت دیں گے، اور بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ ایسی ٹرانزیکشن کی اجازت نہ دے جو کسی بھی طرح کے جوے سے متعلق ہوں یا کرپٹو کرنسیز یا ورچوئل کرنسیز سے متعلق ہوں اور خواہ یہ ممنوعہ ٹرانزیکشن نیٹ کے ذریعے ہو یا کسی اور ذریعے سے۔

(ب) اگر کوئی کارڈممبر یا پھر ضمنی کارڈممبر کسی خلاف قانون تیسرے فریق کے لیے اپنے کارڈ یا ضمنی

کارڈ کو استعمال کرتا ہے یا پھر کسی تیسرے فریق کو اپنا کارڈ یا ضمنی کارڈ خلاف قانون یا دیگر طریقہ سے استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے جس کا تذکرہ اوپر کی شق میں کیا گیا ہے تو وہ کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر یا تیسرا فریق جس نے کارڈ یا ضمنی کارڈ کو اس طریقے سے استعمال کیا ہے، وہ کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کارڈ یا ضمنی کارڈ کے ذریعے کی جانے والی ان خلاف قانون ٹرانزیکشن کا قانون کے تحت ذمہ دار ہوگا۔ بینک پر کارڈ یا ضمنی کارڈ کے ذریعے کی جانے والی خلاف قانون ٹرانزیکشن کی کوئی ذمہ داری یا پابندی عائد نہیں ہوگی۔ کارڈ یا ضمنی کارڈ کے خلاف قانون استعمال یا دیگر طرح کے استعمال کے باعث اگر بینک کو کسی قسم کی کے نقصان، اخراجات یا ہرجانے کا سامنا کرنا پڑا تو کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر ایسے نقصان کے اخراجات یا ہرجانے کی مکمل رقم فوری طور پر بینک کو ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

3.7 کارڈ ہر وقت بینک کی ملکیت ہے اور رہے گا، کارڈممبر اس بات پر بھی رضامندی ظاہر کرتا ہے کہ وہ ان کارڈ کے استعمال اور اس سے حاصل کیے جانے والے فوائد اور سہولیات پر نافذ شرائط وضوابط کی مکمل پابندی کرے گا اور وہ اس بات پر بھی رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ وہ بینک کی جانب سے کارڈ کے استعمال کے سلسلے میں دی جانے والی ہدایات اور شرائط وضوابط میں ترامیم کی بھی مکمل پابندی کرے گا جو بینک کی جانب سے انہیں بہتر بنانے کے لیے جاری کی جائیں گی۔



3.8 بینک اس بات کا حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر کارڈ ٹرانزیکشن کو مسترد کردے یا اس کی اجازت نہ دے، بینک کو اس بات کا بھی حق حاصل ہے کہ وہ کارڈممبر کو کسی شہر یا ملک میں سہولیات اور خدمات کی فراہمی بند کردے۔ یہ کارڈممبر کی ذمہ داری ہے کہ وہ بیرون ملک جانے سے قبل بینک کو مطلع کرے تاکہ اسے اس بات کا علم ہوسکے کہ اس ملک (یا ملکوں) میں اس کے کارڈ سے متعلق خدمات میسر ہیں یا نہیں۔

3.9 جیسی بھی صورت حال درپیش ہو کارڈممبر یہ اقرار کرتا ہے کہ اس کی کلین (clean) قرض کی سہولت کی حاصل کردہ ایک وقت میں حد، اس حد سے تجاوز نہیں کرے گی جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان وقتاً فوقتاً مقرر کرے گا۔

3.10 کارڈممبر ہمارے تمام کارڈ حاصل کرسکتا ہے تاہم اس کے تمام کریڈٹ کارڈ کی مجموعی حد اس کارڈممبر کے لیے منظور شدہ لمٹ سے زیادہ نہیں بڑھے گی۔

3.11 کارڈ کو صرف ذاتی استعمال کے لیے رکھا جائے گا اور اس کو ریئل اسٹیٹ اور کیش مارکیٹ جیسے سٹے بازی کے مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔

3.12 کریڈٹ کارڈ کو صرف ذاتی مقاصد کی ٹرانزیکشن کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے اور اسے کسی بھی صورت تیسرے شخص کی ٹرانزیکشن یا بزنس ٹرانزیکشن کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ اسی طرح کسی بھی کارڈممبر کو اپنے کریڈٹ کی مجموعی لمٹ سے زیادہ رقم اپنے کریڈٹ کارڈ یا اکاؤنٹ میں جمع کروانے کی اجازت نہیں ہے۔

3.13 بینک نے کارڈ کے استعمال کا اختیار، ورچوئل کرنسیز، کوئنز یا ٹوکن وغیرہ کی خرید وفروخت یا تبادلے یا ان میں سرمایہ کاری کے لیے نہیں دیا ہے۔

3.14 آپ بذریعہ نور کارڈ اپنے یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی کرسکتے ہیں لیکن یہ ٹرانزیکشن کسی بھی فیس ریورسل کے لئے خرچ کے طور پر شمار نہیں ہوگی۔

## 4. کسٹمر اکاؤنٹ:

4.1 بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کارڈممبر سے ان اخراجات کا دعویٰ کرسکے اور انہیں وصول کرسکے جو کہ ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈممبر پر واجب الادا ہوں اور کارڈممبر، ان کی ادائیگی کا پابند ہوگا خواہ ٹرانزیکشن کسی بھی قسم کے حالات میں ہوئی ہو اور کارڈممبر اور ضمنی کارڈممبر کی جانب سے اس کی ہدایات جاری کی گئی ہوں۔ کارڈممبر یہ مذکورہ شق نمبر 3.2 کے تحت تمام چارجز کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔ اس کے علاوہ بینک ان تمام نقصانات اور خساروں کو وصول کرنے کا بھی مجاز ہوگا جو کہ بینک کو ہوں یا جن کا نقصان



بینک کو کارڈ کے اجراء یا استعمال کی وجہ سے یا اس سے متعلق ہوا ہو (یا کوئی قانونی ذمہ داری سے بریت جو کہ یہاں یا دیگر صورتحال میں دی گئی ہو) یا پھر کارڈممبر کی جانب سے شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں سامنے آئیں۔ ایسی صورت میں اگر کارڈممبر بینک میں اکاؤنٹ ہولڈر رہو تو بینک کو کلی طور پر یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کارڈممبر کے بینک اکاؤنٹ سے اس شق یا کسی اور شق کے تحت قابل وصول رقم وصول کرسکے۔

4.2 تمام غیر ملکی کرنسی ٹرانزیکشن ریگولیٹری اتھارٹی کی طرف سے مختص/حدود کے مطابق وقتاً فوقتاً ہوں گے اور یہی صارفین کو بھی مطلع کیا جائے گا۔ کارڈ کے ذریعے غیر ملکی ٹرانزیکشین کو سرانجام دینے کے لیے تمام غیر ملکی لین دین کو بین الاقوامی ایکسچینج ریٹ کے مطابق جو کہ ویزا یا ماسٹر کارڈ کی فرنچائز قوانین کے تحت لاگو ہوں گے، base کرنسی (روپوں کے علاوہ) سے امریکی ڈالر میں تبدیل کیا جائے گا، اور اس لیے بینک کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اوپن مارکیٹ کی امریکی ڈالر کی قیمت خرید کو استعمال کرتے ہوئے، اوپن مارکیٹ سے امریکی ڈالر خریدے اور کارڈممبر اکاؤنٹ کو پاکستانی کرنسی روپے میں ڈیبٹ کرے۔ بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق غیر ملکی کرنسی کی کنورژن کے چارجز، کارڈ کے ذریعے ہونے والی تمام غیر ملکی کرنسی کی ٹرانزیکشن پر لاگو ہوں گے۔

4.3 مستقل تصفیہ کے وقت یا کسٹمر اکاؤنٹ کو بند کرواتے وقت بینک، کارڈممبر کو نوآبجیکشن سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔

4.4 کارڈممبر کے ذریعہ بینک سے مستقل یا رضا کارانہ اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست پر کسٹمر اکاؤنٹ بلاک یا بند کرتے وقت کسٹمر اکاؤنٹ میں اضافی رقم بینک کی طرف سے پے آرڈر کے ذریعہ کارڈممبر کو واپس کردی جائیگی۔

## 5. ادائیگی

5.1 بینک ہر ماہ کارڈممبر کو اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ اس کے موجودہ معلوم پتہ پر یا ڈاک واپس آنے کی صورت میں متبادل پتے پر ارسال کرے گا اور بیلنس ڈیبٹ ہونے کی صورت میں کارڈممبر ادائیگی کی آخری تاریخ سے پہلے اسٹیٹمنٹ میں موجود کم ازکم قابل ادائیگی رقم بینک کو جمع کروائے گا۔

5.2 اگر کسی وجہ سے کارڈممبر کو ماہانہ اسٹیٹمنٹ وقت پر موصول نہ ہو تو ان شرائط وضوابط کے مطابق اور مساومہ کنٹریکٹ کے مطابق کارڈممبر کی ذمہ داریاں ختم نہیں ہوں گی اور نہ ہی بینک اس کا ذمہ دار ہوگا۔ مذکورہ شرائط وضوابط کے مطابق کارڈممبر پر لاگو تمام چارجز اور بقایا جات کسٹمر پر اسی طرح عائد رہیں گے اور



اگر کسٹمر کو اسٹیٹمنٹ وقت پر نہ ملے تو بھی اس کی ذمہ داریوں اور بقایا جات کی ادائیگی میں کسٹمر کو کوئی رعایت نہیں ملے گی۔ کارڈممبر اپنی سہولت اور بینک کے ذریعہ پیش کردہ بلنگ سائیکل کے مطابق ماہانہ بلنگ سائیکل میں تبدیلی کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔

5.3 اگر کارڈممبر موجودہ بیلنس جو کہ کارڈ اکاؤنٹ کے ذمے ہو ادائیگی کی آخری تاریخ سے قبل یا مقررہ تاریخ تک مکمل ادا کردے اور شق 6.2 کے تحت درکار خدمات میں اور دیگر فیسز جو کہ کیش ایڈوانس کے لیے ہو ادا کردے تو جس عرصے کے لیے اسے یہ اسٹیٹمنٹ جاری کیا گیا ہو بینک اس عرصے کی سروس فیس نہیں لے گا۔

5.4 اگر کارڈممبر ادائیگی کی مطلوبہ تاریخ پر کم سے کم قابل ادائیگی رقم یا [کل مطلوبہ ادائیگی] سے کم رقم کی ادائیگی کرتا ہے، تو بینک اس سے حاصل شدہ منافع کا مطالبہ کرے گا جس کے بارے میں اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کے ذریعے کارڈممبر کو بتایا جائے گا۔ کارڈ ٹرانزیکشن کے لیے جو کہ کسی بھی ادائیگی کے ضمن میں نہیں ہیں جو کہ کارڈممبر کی جانب سے کی جائے گی اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کے مطابق، بینک جمع شدہ نفع کا کارڈ ٹرانزیکشن کی تاریخ سے لے کر اگلی اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی تیاری تک کا مطالبہ کرے گا۔ کارڈممبر بقایا بیلنس پر جمع شدہ نفع کی ادائیگی پر، ہر ماہ بینک کو ادا کرنے کے لیے رضامندی کا اظہار کرتا ہے جو کہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کے ذریعے کسٹمر کو بتایا جائے گا۔

5.5 اگر کارڈممبر مقررہ تاریخ سے پہلے یا مقررہ تاریخ تک کم ازکم قابل ادائیگی رقم جمع کرانے سے قاصر رہتا ہے تو وہ اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ واجب الادا بقایاجات کے علاوہ بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ مساومہ کی رقم کی ادائیگی بھی کرے گا جو کہ بینک کے شیڈول آف چارجز کے تحت تحریری نوٹس کے ذریعہ مقررہ عرصہ کے لیے اس کے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کی جائے گی۔

5.6 اگر کارڈممبر پہلے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کم ازکم قابل ادائیگی رقم جمع کرانے سے قاصر رہا تو کارڈ ممبر بینک کے حقوق کو متاثر کیے بغیر بینک کو موجودہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کم ازکم قابل ادائیگی رقم کے ساتھ ساتھ تمام بقایاجات جو کم ازکم ادائیگی کی رقم کی صورت میں جو کہ پچھلی مدت کے لیے اس پر واجب الادا ہیں، جمع کرانے کا پابند ہوگا، اس کے ساتھ ساتھ وہ اس اس بات کا بھی پابند ہوگا کہ اس عرصے کے دوران مساومہ کی ادائیگی یا دیگر فیسز جو کہ اس سے متعلق ہوں اور تمام قابل اطلاق چارجز، شیڈول آف چارجز کے مطابق جو کہ اس کی موجودہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج ہوں، کو ادا کرنے کا مقررہ تاریخ تک پابند ہوگا۔

5.7 کارڈممبر کے ذریعہ ادا کی جانے والی تمام ادائیگی پاکستانی کرنسی روپیہ میں ہونی چاہیے۔ کارڈممبر اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ وہ بین الاقوامی کارڈ ٹرانزیکشن سے متعلقہ غیر ملکی کرنسی میں واجب الادا رقم،



بینک کو پاکستانی روپے میں ادا کرے گا اور اس سے متعلقہ ایکسچینج کے وہ چارجز بھی جو بینک نے ایکسچینج ریٹ کے لیے مخصوص کیے ہوں گے وہ بھی ادا کرے گا۔ اس کے ذریعہ یہ واضح کیا جارہا ہے کہ کارڈ کی بین الاقوامی ٹرانزیکشن، کسی بھی غیر ملکی کرنسی میں انٹرنیٹ کے ذریعہ ہونے والی ٹرانزیکشن کو بھی شامل ہے۔

5.8 ایسی صورت میں اگر موجودہ یا دیگر اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج رقم کی ادائیگی کے لیے کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر یا دیگر کسی پارٹی کی جانب سے بینک کو دیا گیا کوئی چیک یا ادائیگی کی دیگر ہدایات یا حکم کسی بھی وجہ کے باعث مسترد ہوجائے تو بینک کارڈ پر واجب الادا رقم کے علاوہ ادائیگی مسترد ہونے یا چیک واپسی فیس بھی عائد اور منہا کرنے کا مجاز ہوگا۔ درج ذیل صورتوں میں یہ سمجھا جائے گا کہ ادائیگی مسترد ہوئی ہے:

i. بینک کو کارڈممبر، ضمنی کارڈممبر یا کسی تیسری پارٹی کی جانب سے وصول ہونے والا چیک (چیکس) ڈرافٹ (ڈرافٹس) یا ادائیگی کی کوئی اور دستاویز جس پر پوری ادائیگی نہ ہوسکے یا

ii. کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر یا کسی تیسری پارٹی کی جانب سے بینک یا کسی دیگر مالی ادارے یا بینک کو ڈائریکٹ ڈیبٹ کی جانے والی ایسی ادائیگی جو اس کے بینک اکاؤنٹ میں مطلوبہ رقم موجود نہ ہونے کے باعث مکمل طور پر ادا نہ ہوسکے۔ بہرحال ادائیگی مسترد ہونے یا چیک واپسی فیس کی ادائیگی

بھی کارڈممبر کو اس کے خلاف ایسی ادائیگی کرنے کے لیے قانون کے مطابق کی جانے والی کارروائی سے اسے بری الذمہ نہیں کرتی۔

5.9 کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کی جانب سے بینک کو موصول ہونے والی ادائیگیاں، غیر ادا شدہ فیسوں اور سروس چارجز، جمع شدہ منافع، مساومہ ادائیگی اور-ریٹیل اینڈ PIP، اصل رقم، انسٹالمنٹ پلان، مضاربہ پرنسپل ریٹیل، کیش ٹرانزیکشن، اور غیر ادا شدہ کارڈ ٹرانزیکشن اکاؤنٹ کی موجودہ اسٹیٹمنٹ کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر بینک کی اپنی صوابدید کے مطابق استعمال کی جائیں گی۔

5.10 کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کے خلاف بینک کے حقوق اس کی جانب قابل ادائیگی رقم یا تمام رقوم خواہ اصل ہوں یا دیگر یا مشترک ہوں یا دیگر، کسی بھی طرح متاثر نہیں ہوں گے نہ ان کے خلاف کوئی اندازہ لگایا جاسکے گا اور نہ ہی ان کے خلاف کوئی امتیازی برتاؤ کیا جاسکے گا اور یہ رقم یا رقوم کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کے انتقال یا دیوالیہ ہونے یا ہوش وحواس کھودینے پر فوراً قابل ادائیگی ہوجائے گی اور کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر فوری طور پر تمام کارڈ درمیان سے دو حصوں میں کاٹ کر بینک کو واپس کرنے کا پابند ہوگا اور تمام بقایاجات کی ادائیگی اصل کارڈممبر کی ذمہ داری ہوگی۔



5.11 کارڈ ٹرانزیکشن کے بلاجواز استعمال کی صورت میں، بینک کسی بھی وقت وجہ بتائے بغیر یا 30 دن کا نوٹس دیئے بغیر اور بغیر کسی ذمہ داری کے کسی بھی وقت کارڈ کی واپسی/منسوخی اور کسٹمر اکاؤنٹ کے تحت بقایا تمام رقم کی فوری ادائیگی کا مطالبہ کرسکتا ہے، باوجود اس بات کے کہ کارڈممبر کی طرف سے ان شرائط وضوابط میں دھوکہ دہی نہ پائی گئی ہو۔

5.12 بینک صرف اسی صورت میں کارڈ ٹرانزیکشن کے یا کسی اور ادائیگی جو کہ کارڈ اکاؤنٹ میں کی گئی ہو اور کسی اور ادائیگی کے جو کہ معمول کے مطابق کی گئی ہو اس کے کارڈ اکاؤنٹ میں، اسی وقت کارڈممبر کو ریفنڈ کرے گا جبکہ یہ رقم اسے پاکستان میں موصول ہو۔ کسٹمر اکاؤنٹ میں کسی بھی رقم کی واپسی، ادائیگی یا کریڈٹ، کارڈممبر کو نہیں کی جائے گی جب تک کہ بینک کے ذریعہ فیصلہ نہ کیا جائے لیکن اس کا اطلاق کارڈممبر کے معاوضوں یا کسٹمر اکاؤنٹ میں ڈیبٹ ہونے والی دیگر ذمہ داریوں میں کمی پر ہوگا۔

5.13 کارڈممبر کے اثاثوں کے بارے میں اٹیچمنٹ آرڈر ہونے کی صورت میں، انشورنس یا موت، یا بینک کی طرف سے مطالبے یا کسی بھی وجہ سے، یا ان شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں، کارڈممبر اپنا ڈیبٹ بیلنس ادا کرے گا۔ یہ وعدہ فوری طور پر کارڈممبر کے ورثاء اور جانشینوں کو ان ادائیگیوں کا پابند کرے گا۔

5.14 اگر غیر ملکی ایئر لائن کے ٹکٹ کی خریداری کے لئے ادائیگی کارڈ کے ذریعے کی جاتی ہے تو، ایئر لائن کے ذریعہ بل کی جانے والی رقم کو غیر ملکی کرنسی کے لین دین کے طور پر سمجھا جائے گا۔ غیر ملکی کرنسی میں ایئر لائن کے ذریعہ بل دیئے جانے والے کارڈ ٹرانزیکشن کی رقم، غیر ملکی کرنسی کو روپے میں تبدیل کرنے کے لئے بینک کے تمام قابل اطلاق قواعد و ضوابط سے مشروط ہوگی، جو تبادلہ کے وقت بینک کے ذریعہ استعمال ہونے والے زر مبادلہ کی شرح پر مبنی ہوگی۔

5.15 بینک سال میں دو مرتبہ چارجز اپڈیٹ کر سکتا ہے اور کارڈ ممبر پر کارڈز کے سلسلے میں مختلف خدمات اور/ یا خصوصیات کے سلسلے میں چارجز، شیڈول آف چارجز کے ذریعہ نافذ کر سکتا ہے جسے سال میں دو مرتبہ اپڈیٹ کیا جائے گا اور بینک کی تمام شاخوں میں یہ شیڈول آف چارجز دستیاب ہوگا اور ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگا یا پھر بینک کے ذریعے تحریری صورت میں مطلع کر دیا جائے گا۔

5.16 کارڈ ممبر اپنے کارڈ اکاؤنٹ پر واجب الادا رقم سے زیادہ رقم جمع نہیں کرے گا۔ جب کارڈ ممبر کے کسٹمر اکاؤنٹ میں 50,000 روپے سے زیادہ رقم ہو تو ایسی صورت میں، کارڈ ممبر کو 111 06 06 06 پر کسٹمر انٹرایکشن سینٹر پر کال کر کے زیادہ رقم کی واپسی کا دعویٰ کرنے کے لئے ایس ایم ایس کے ذریعے



مطلع کیا جائے گا۔ اس صورت میں، اگر کارڈ ممبر اس رقم کی واپسی کا دعویٰ نہیں کرتا ہے تو رقم کسٹمر اکاؤنٹ میں برقرار رکھنے کے بعد، 15 دن کے اندر اندر اضافی رقم کو ایڈجسٹ کرنے کے لئے کارڈ ممبر کو ایک خط بھیجا جائے گا۔ کارڈ ممبر کی درخواست پر یا تو پے آرڈر (شیڈول آف چارجز کے مطابق پے آرڈر چارجز کی کٹوتی کے بعد) یا کارڈ ممبرز کے اکاؤنٹ میں داخلی منتقلی کے ذریعے رقم واپس کر دی جائے گی۔ اگر بینک کی طرف سے اطلاع کے باوجود کارڈ ممبرز زیادہ رقم کی واپسی کا دعویٰ نہ کرے، اس صورت میں کارڈ عارضی طور پر بلاک ہو جائے گا۔

5.17 بینک اس بات کا پابند نہیں ہوگا کہ وہ چاند نظر آنے کی وجہ سے ہونے والی چھٹی کو ادائیگی کی آخری تاریخ مقرر نہ کرے اس لیے کہ بینک کا نظام اس طرح کے مواقع کی نشاندہی نہیں کر سکتا، لہٰذا اگر ادائیگی کی آخری تاریخ کسی چھٹی والے دن یا چاند کی وجہ سے چھٹی والے دن ہو تو کارڈ ممبر اس آخری دن سے پہلے ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

## 6- متنازعہ امور:

6.1 متنازعہ ٹرانزیکشن کی صورت میں کارڈ ممبر اپنے حالیہ اسٹیٹمنٹ کے 14 دن کے اندر اس بارے میں بینک کو

تحریری طور پر درجِ ذیل پتہ پر مطلع کرے گا۔

**کمپلینٹ سروسنگ یونٹ**

**فیصل بینک لمیٹڈ**

**3rd فلور، 16 عبداللہ ہارون روڈ، کراچی**

6.2 اگر اسٹیٹمینٹ کے 14 دن کے اندر کارڈممبر کی جانب سے اس ضمن میں بینک سے تحریری طور پر رجوع نہیں کیا گیا تو ایسی ٹرانزیکشن کو مصدقہ سمجھا جائے گا اور کارڈممبر مکمل رقم کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

6.3 جب آپ ہم سے تحریری طور پر رابطہ کریں گے تو براہ کرم متنازع ٹرانزیکشنز کے بارے میں مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں:

(1) ٹرانزیکشن کی تاریخ

(2) ٹرانزیکشن کی وضاحت (فروخت کنندہ کا نام)

(3) امریکی ڈالر میں رقم (اگر انٹرنیشنل ہو)



(4) پاکستانی روپوں میں رقم۔

اگر درخواست کے ساتھ متعلقہ اور مطلوبہ دستاویزات فراہم نہ کی گئی ہوں یا درخواست اسٹیٹمنٹ کی تاریخ کے 14 دن بعد موصول ہوئی تو اس پر غور نہیں کیا جائے گا۔

6.4 اس سے متعلق تمام ٹرانزیکشنل تنازعات، ماسٹر کارڈ تھری ڈی محفوظ توثیق شدہ ٹرانزیکشنز، یا کسی صارف سے متعلق دیگر تنازعات اس بات سے انکار کرتے ہیں کہ کسٹمر نے متنازعہ کارڈ کا لین دین کیا، بینک ماسٹر کارڈ کے متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق تحقیقات کرے گا اور اس سلسلے میں بینک کا فیصلہ حتمی اور نافذ ہوگا۔ بینک کے لئے ایک فیصلہ ہے کہ کارڈممبر کا دعوی/ تنازعہ صحیح نہیں ہوتا تو پوری متنازعہ رقم کارڈممبر کی طرف سے اُٹھائی جائے گی تاہم، تمام ٹرانزیکشنل تنازعات، تمام ضمنی کارڈممبران کے لئے خدمات دی جائیں گی، بشرطیکہ کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر دونوں کے ذریعہ تنازعہ فارم پر دستخط ہوں۔

6.5 اگر کارڈممبر کی شکایت پر بینک متنازع ٹرانزیکشنز کی تحقیقات کرے اور وہ کارڈممبر کے خلاف ثابت ہوں (جو کہ کارڈممبر کی غلطی کی وجہ سے ہوں) تو بینک اس سلسلہ کے تمام اخراجات (تاجر/ وصول کرنے کارڈممبر سے (دستاویز کے حصول کے لیے) وصول کرے گا۔

## 7- کیش نکالنے کی سہولت

7.1 بینک اپنی صوابدید پر، کسٹمر کو مطلع کر کے کسی بھی وقت نقد واپسی کی سہولت میں ترمیم کر سکتا ہے یا واپس لے سکتا ہے۔ مذکورہ بالا شقوں کے پیشِ نظر، اگر بینک منظور کرتا ہے تو کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر وقتاً فوقتاً بینک کے ذریعہ طے کردہ حد تک نقد رقم کی واپسی کے حصول کے لئے کارڈ کا استعمال کر سکتا ہے، بینک کے کاؤنٹرز کے ذریعے، دیگر شریک بینک کاؤنٹرز کے ذریعے، مالیاتی اداروں یا اے ٹی ای کے ذریعے جو کارڈ کو قبول کرتے ہیں۔

اگر ہر بلنگ سائیکل میں مقررہ واجب الادا تاریخ پر نقد رقم نکلوانے سے لے کر مکمل ادائیگی تک ماہانہ شیڈول آف چارجز کے مطابق نقد رقم نکلوانے کی ادائیگی نہیں کی گئی تو مخصوص کیے گئے نفع کی شرح سے بینک ہر مرتبہ نقد رقم نکلوانے پر نفع چارج کرے گا۔

## 8- ضمنی کارڈ، مشترکہ اور علیحدہ ذمہ داری

8.1 کارڈ ممبر کی جانب سے درخواست پر بینک، کسی ایسے افراد کو ضمنی کارڈ جاری کرے گا، جسے کارڈ ممبر نے نامزد کیا ہو، اور جس کی بینک منظوری دے، تمام ضمنی کارڈ بشمول تجدید اور دوبارہ جاری کیے جانے



والے کارڈ کو شق نمبر 2-1 کے تحت کارڈ ممبر کے اپنے رسک پر اس کے آخری معلوم بلنگ کے پتہ پر بھیجا جائے گا۔ اگر ضمنی کارڈ ممبر کا کارڈ جاری کیا جائے گا تو کارڈ ممبر اور ضمنی کارڈ ممبر مشترکہ اور علیحدہ طور پر بینک کے تمام چارجز اور ذمہ داریوں اور دیگر اخراجات اور خرچے کے ذمہ دار ہوں گے جو کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر کی جانب سے کیئے گئے ہوں یا ان کی جانب واجب الاداء ہوں۔ کارڈ ممبر کو دی جانے والی کریڈٹ کی حد میں ضمنی کارڈ ممبر کی کریڈٹ کی حد بھی شامل ہے اور کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر اس مقررہ حد سے زیادہ کے اخراجات کو نہ ہونے اور نہ بڑھنے کو یقینی بنائیں گے۔ کارڈ ممبر اور ضمنی کارڈ ممبر اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتے اور یہ عہد کرتے ہیں کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ان کے متعلقہ اکاؤنٹس کا فارن کرنسی بیلنس ہر وقت، ان کے کارڈ پر ان کو دی گئی کریڈٹ کی حد کے مطابق ہوگا اور اس پر ہونے والے چارجز کی بھی رکور کرے گا۔

8.2 بینک کی جانب کارڈ ممبر اور ضمنی کارڈ ممبر کے عہد، بقایا جات اور ذمہ داریاں اور اس کے تحت بینک کے حقوق کسی بھی صورت میں اور کسی بھی طرح کسی تنازعہ، مقابل دعویٰ، حق، سیٹ آف جو کہ کارڈ ممبر اور ضمنی کارڈ ممبر کا ایک دوسرے کے خلاف کی وجہ سے کم نہ ہوگا۔ کارڈ ممبر مرکزی مقروض ہونے کے باعث ضمنی کارڈ ممبر کی جانب سے سامنے آنے والے بقایا جات کی ادائیگی کا پابند ہوگا (اس راہ میں ضمنی کارڈ ممبر قانونی طور پر مفرور یا نااہل ہونا حاصل نہیں ہوگا۔ جو کہ بصورت دیگر بری کر دیتا ہے) یا کارڈ ممبر، ضمنی

کارڈممبر کی جانب سے ان شرائط وضوابط کی خلاف ورزی سے نقصان، ہرجانے۔ ذمہ داریوں سے بینک کو محفوظ قرار دیتا ہے۔ خواہ وہ قانونی ہوں یا دیگر۔ اور بینک کو برداشت کرنا پڑے ہوں یا ان کا سامنا کرنا پڑا ہو۔

8.3 کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کی جانب سے بینک کو ادا کی جانے والی رقم کو شق نمبر 5 کے مطابق کارڈ یا اکاونٹ کی ڈیبٹ بیلنس کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا لیکن کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر بدستور اس ادائیگی کے بعد بھی ڈیبٹ بقایاجات، اگر کوئی ہوں اس کی ادائیگی کے پابند ہوں گے۔

## 9- پن

بینک کارڈممبر کو اے ٹی ایم پن اور یا ٹی پن جاری کرے گا جو کہ بینک پر اے ٹی ایم پر یا بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی ٹیلی فون بینکنگ کے لیے استعمال کی جاسکے گی۔ کارڈممبر رضامندی دیتا ہے:

9.1 کارڈ پن اور ٹی پن، کارڈممبر کی طرف سے کارڈممبر یا ایک اضافی کارڈممبر یا منتخب کردہ کارڈممبر یا ایک اضافی کارڈممبر کے لیے کارڈممبر کے ذریعہ بنایا جائے گا اور نقد رقم کی واپسی کے لئے پی او ایس یا اے ٹی ایم پر کارڈ استعمال کرنے کے لئے آئی وی آر (انٹرایکٹووائس ریکارڈنگ) کے ذریعے پیدا کیا جائے گا۔

9.2 اے ٹی ایم پن یا ٹی پن سے کسی کو آگاہ نہیں کرے گا اور اس کی حفاظت کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گا



تاکہ کوئی بھی شخص اسے دریافت کہ نہ کرسکے۔

## 10- کارڈ کی گمشدگی یا پن کا افشا ہونا

10.1 کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر اس بات کا عہد کرتا ہے کہ وہ اپنی اے ٹی ایم پن یا ٹی پن کسی دیگر شخص کو افشاں نہیں کرے گا اور نہ ہی کسی اور کو اس کے غلط استعمال کی اجازت دے گا۔ اگر کارڈ گم یا چوری ہو جائے یا اے ٹی ایم پن یا ٹی پن کسی تیسرے شخص کو پتہ چل جائے، کسی بھی طریقہ سے، یا کارڈ کسی تیسرے شخص کو دے دیا جائے تو کارڈممبر فوری طور پر اس بات کی اطلاع مکمل کوائف جن میں کارڈ نمبر اور پن بھی شامل ہیں تحریری طور پر بینک کو دے گا اور بینک کو ایسا کارڈ کو بند یا بلاک کرنے کی درخواست کرے گا۔ کارڈممبر اس شق میں درج اقدامات پر عمل نہ کرنے کی صورت میں نتائج کا ذمہ دار خود ہوگا۔

10.2 کارڈممبر اس بات پر رضامندی ظاہر کرتا ہے کہ بینک تمام غیر مجاز چارجز اور یا کیش ایڈوانسز وصول کرنے کا حق رکھتا ہے، لیکن اگر کارڈممبر نے اپنے کارڈ کے چوری یا گم ہونے اور یا پن کے افشا ہونے کی صورت میں اوپر بیان کیے گئے طریقے کار کے مطابق بینک کو فوری اطلاع دی ہو تو وہ غیر مجاز چارجز اور یا کیش ایڈوانسز کا ذمہ دار ہوگا۔ بشرطیکہ کارڈ کی چوری یا گمشدگی یا پن کا کسی تیسرے شخص کو علم کارڈممبر اور یا ضمنی کارڈ

ممبر کی غفلت اور لاپرواہی کے باعث نہ ہوا ہو اور یہ کہ کارڈ ممبر شق نمبر 1 - 11 اور 11-3 کے مطابق بینک کو تسلی بخش معلومات فراہم کر چکا ہو۔

10.3 کوئی بھی گمشدہ یا چوری شدہ کارڈ بعد ازاں مل جانے کی صورت میں کارڈ ممبر فوری طور پر کارڈ کو درمیان سے کاٹ کر بغیر کسی مزید استعمال کے بینک کو واپس کر دے گا۔ کارڈ ممبر پن کے کسی تیسرے شخص کو علم ہونے اور بینک کو اس امر کی اطلاع دینے کے بعد پن کو استعمال نہ کریگا۔

10.4 بینک کارڈ کی چوری یا گمشدگی کی صورت میں، اپنی کامل صوابدید کے مطابق ان شرائط وضوابط یا اضافی شرائط وضوابط کے تحت، جسے بینک مناسب سمجھے، کارڈ ممبر کو نیا کارڈ جاری کریگا۔

10.5 کارڈ ممبر کو اپنے ماہانہ اسٹیٹمنٹ کے بارے میں کوئی شکایت یا مسئلہ درپیش ہو تو وہ اس کے بارے میں فوری طور پر بینک کو آگاہ کرے گا اور بینک کارڈ ممبر کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے گا۔ اگر کارڈ ممبر کو کسی غیر مجاز یا فراڈ پر مبنی کسی ٹرانزیکشن کا علم ہو تو، کارڈ ممبر ٹرانزیکشن کا علم ہوتے ہی بینک کو مطلع کرے گا۔ بینک سے دن بھر 24 گھنٹے نمبر 111060606 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اس ضمن میں ہونے والے اخراجات کی ذمہ داری کارڈ ممبر پر ہوگی۔



اگر کارڈ ممبر اور بینک کے مکمل اطمینان کے مطابق مسئلہ فوری طور پر حل نہ ہو سکے تو:

ا۔ بینک معاملہ کی تحقیق اور شکایت کے ازالے کے طریقہ کار کے بارے میں تحریری طور پر کارڈ ممبر کو مطلع کریگا۔

ب۔ اگر بینک کارڈ ممبر کو اپنے تنازعہ کے بارے میں تحریری تصدیق یا اسٹیٹمنٹ دینے کی درخواست کرے تو کارڈ ممبر ایسا کرنے کا پابند ہوگا۔

10.6 قانونی ضرورت کے علاوہ، کارڈ کے ذریعہ خریدی جانے والی اشیاء اور خدمات، یا فروخت کنندہ کے کارڈ کو قبول نہ کرنے کی ذمہ داری بینک پر عائد نہ ہوگی۔ اگر فروخت کنندہ کارڈ کے استعمال پر اضافی ضوابط عائد کرے تو اس کی ذمہ داری بینک پر نہ ہوگی۔ کارڈ ممبر ایسی صورت میں کسی بھی تنازعہ یا دعویٰ سے متعلقہ قانون براہ راست فروخت کنندہ کو ذمہ دار ٹھرائے گا، کارڈ ممبر ایسے کسی تنازعہ یا دعویٰ کی صورت میں بینک کی ادائیگی روکنے کا مجاز نہ ہوگا۔

10.7 بشرط لاگو قانون کے مطابق کارڈ ممبر اس بات پر رضامند ہے کہ اگر بینک کارڈ ممبر کے کارڈ یا اکاؤنٹ اور کارڈ کے استعمال کے ضمن میں اپنی کسی ذمہ داری کی ادائیگی میں ناکام رہے اور اس وجہ سے کارڈ کو براہ راست

کسی نقصان یا ہرجانہ کا سامنا کرنا پڑے تو بینک اس کا ذمہ دار نہ ہوگا، بالخصوص کسی خاص حالات میں جب بینک اپنے تئیں ناکام رہے اور اس کے نتیجے میں کارڈ ممبر کو کسی بھی قسم کا نقصان جو کہ براہ راست اور قدرتی طور پر بینک کی ناکامی کی وجہ سے نہ ہوا ہو کا بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔ بینک کسی بھی صورت میں کسی تیسرے فرد یا عنصر (مثلاً صرف) مشینی آلات یا سسٹم کی ناکامی کی وجہ سے ہونے والی لاگت یا نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

## 11۔ منسوخی

11.1 کارڈ ممبر کسی بھی وقت کارڈ اکاونٹ کو بند کرنے اور کارڈ کے استعمال کو منسوخ کرنے کے ارادہ کے بارے میں پیشگی تحریری نوٹس اور تمام کارڈز کو دو حصوں میں ایسے منقسم کر کے جس میں چپ کا زائل ہوجانا یقینی ہو، کر کے بینک کو مطلع کر سکتا ہے۔ تمام کارڈز دو حصوں میں منقسم ٹکڑے، تمام واجب الاداء واجبات، واجب الاداء چارجز اور اخراجات اور دیگر ادائیگیاں اور اخراجات جو کہ کارڈ اکاؤنٹ سے متعلق ہوں گی وصولی کے بعد بینک کارڈ اکاؤنٹ بند کر دے گا۔

11.2 کارڈ ممبر اور ضمنی کارڈ ممبر کسی بھی وقت جاری کردہ ضمنی کارڈ کے استعمال کو منسوخ کر سکتے ہیں جس کے لیے انھیں تحریر نوٹس کے ساتھ یا کال سینٹر کے نمبر 06 06 06 111 پر فون کر کے ساتھ متعلقہ ضمنی کارڈ



کے دو حصے جو کہ ایسے منقسم ہوں کہ چپ کا زائل ہونا یقینی ہو، کر کے بینک کو واپس کرنا ہوگا۔ ایسی صورت میں کارڈ ممبر اور ضمنی کارڈ ممبر منسوخ کیے جانے والے کارڈ پر موجود چارجز، بقایاجات اخراجات اور دیگر کسی بھی قسم کی رقم کی ادائیگی کے لیے بینک کے شرائط وضوابط کے مطابق ذاتی اور مشترکہ طور پر ذمہ دار رہیں گے۔
اس کے علاوہ ضمنی کارڈ ممبر جس کا ضمنی کارڈ منسوخ کرایا گیا ہوگا ان تمام چارجز کا ذمہ دار نہ ہوگا جو کہ کارڈ ممبر یا کسی اور ضمنی کارڈ ممبر سے واجب الادا ہوں گے اور یا جب بینک کے ضمنی کارڈ کے دونوں حصے اور زائل شدہ چپ موصول کرنے کے بعد ہو، کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

11.3 بینک کسی بھی وقت کسی یا تمام کارڈز کو کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر کو پیشگی نوٹس دیئے بغیر منسوخ یا واپس لے سکتا ہے۔ ایسی صورت میں کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر اپنے کارڈ کو دو حصوں میں اسے کاٹ کر جب چپ بھی زائل ہوجائے بینک کو واپس کرنے کا پابند ہوگا، اور اس پر تمام چارجز، اخراجات اور دیگر کوئی بھی واجب الادا رقم کی بینک کو ادائیگی کا پابند ہوگا۔

11.4 ایسی صورت میں جب کسی ایک یا تمام کارڈ کا استعمال شق نمبر 1-11 یا 3-11 کے تحت منسوخ کر دیا جائے تو اس پر موجود تمام چارجز اور بقایاجات یا دیگر کوئی رقم جو کہ کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر کے ذمہ نکلے فوری طور پر بینک کو واجب الادا ہوگی، کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر اس وقت تک ہونے والے تمام اخراجات اور چارجز

کے ذمہ دار ہوں گے جب تک منسوخ کیے جانے والے کارڈ بینک کو درمیان سے ایسے کاٹ کر جس کی چپ ذائل ہونا یقینی ہو، کر کے موصول نہ ہو جائیں اور جب تک بینک کارڈ ممبر اور ضمنی کارڈ ممبر کی جانب سے واجب الادا تمام چارجز واجبات، بقایا جات اور دیگر کوئی رقم مکمل طور پر ادا نہ کر دی جائے، بینک متعلقہ کارڈ یا اکاونٹ (اکاونٹس) کی بندش کی صورت میں سالانہ ممبر شپ فیس یا اس کے کسی حصہ کی کارڈ ممبر کو واپسی کا پابند نہ ہوگا۔

11.5 کارڈ ممبر شق نمبر 11 کے تحت کارڈ اکاونٹ اور کارڈ کا استعمال منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا، اگر وہ ان شرائط وضوابط سے متفق نہ ہو بشرطیکہ منسوخی کے وقت تک تمام بقایا جات واجبات اور چارجز کارڈ ممبر بینک کو مکمل طور پر ادا کر دے۔ استعمال کو جاری رکھنے سے یہ تصور کیا جائے گا کہ کارڈ ممبر ان شرائط وضوابط کو تسلیم کرتا ہے اور وہ اس کے تحت عائد ذمہ داریوں کی ادائیگی کا مکمل طور پر پابند ہوگا۔

## 12۔ مستثنیات، منہیات/خروج

12.1 کسی بینک کا کسی فروخت کنندہ یا کسی شریک بینک یا کسی مالی ادارے یا کسی اے ٹی ایم یا کسی اور پارٹی کی جانب سے کارڈ ز ٹرانزیکشن کی اجازت نہ دینے، کارڈ یا کارڈ نمبر یا پن قبول نہ کرنے یا کریڈٹ کی



حد تک کیش ایڈوانس فراہم نہ کرنے یا نہ دینے کے باعث کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر کو پہنچنے والے کسی نقصان یا ہرجانے کا بینک (فیصل بینک لمیٹڈ) کسی بھی صورت ذمہ دار نہیں ہوگا۔

12.2 بینک کسی بھی صورت میں کارڈ کے ذریعہ کی جانے والی یا ریزرو کی جانے والی اشیاء یا خدمات کی کوالٹی، مقدار، کثیر یابی یا کفایت، اشیاء کی قبولیت یا فروخت کنندہ کی جانب سے کارڈ ٹرانزیکشن کی خلاف ورزی اور عدم کارکردگی کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ کارڈ ممبر اور بینک یا فروخت کنندہ یا کسی بھی دوسرے فرد کے مابین تنازعہ کی صورت میں، کارڈ ممبر کی بینک کی طرف ذمہ داری میں صرف اس وجہ سے کہ کارڈ ممبر کا کسی بھی قسم کا کوئی تنازعہ، مقابل دعویٰ وغیرہ کسی فروخت کنندہ شریک بینک، مالی ادارے یا کسی بھی دوسرے فرد سے ہے، کوئی کمی، معطلی نہ آئے گی اور نہ ہی یہ بات کسی بھی صورت میں کارڈ ممبر کے بینک کی طرف ذمہ داری پر اثر انداز ہوگی۔

12.3 بینک کے اے ٹی ایم، کسی اور مشین یا کمیونیکشن (مواصلاتی) یا سہولت یا ڈیٹا پراسیسنگ سسٹم یا ٹرانسمیشن لنک یا کسی انڈسٹریل تنازعہ کے باعث یا نتیجہ میں یا کسی اور بھی وجہ اور سبب کے جو بینک کے کنٹرول سے باہر ہو، کے باعث کارڈ ممبر کو ہونے والے نقصان یا ہرجانے کا بینک کسی بھی صورت میں ذمہ دار نہ ہوگا۔

12.4 کسی بھی سہولت، خدمات یا سروس کی کمی میں، کارڈ ممبر یا ضمنی کارڈ ممبر کو سمجھتا ہے کہ اسی طرح سروس فراہم

کنندہ یا شریک برانڈ پارٹنر پر منحصر ہے جس میں بینک صرف ایک سہولت کے طور پر کام کرتا ہے اور اس طرح کے کسی بھی وقت سروس فراہم کرنے والے یا شریک برانڈ پارٹنر کے معاہدے کے تابع ہو جائے گا، سوائے اس کے کہ جہاں بینک کی غلطی ہو۔

12.5 اگر گاہک کو کوئی تنازعات، شکایت یا دعویٰ ہے کہ کارڈ کے متعلق جو کسٹمر کے ساتھ خاص طور پر بینک کے خلاف ہے اور بینک کے ماتحت ادارے، ملحقہ اور والدین کی کمپنی کو کسی بھی طرح سے اس طرح کے تنازعات، شکایت یا دعوی کے بارے میں کسٹمر کے ساتھ ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## 13۔ شرائط میں تغیر/تبدیلی

13.1 بینک وقتاً فوقتاً یا کسی بھی وقت ان شرائط وضوابط میں تبدیلی، اضافہ یا حذف کرنے کا مجاز ہوگا بشمول پہلے کہی گئی شرائط وضوابط علاوہ ازیں ضوابط جو ادائیگیوں، چارجز اور فیس سے متعلق ہیں اور ایسی کوئی تبدیلی 30 دن پہلے کارڈممبران کو اسٹیٹمنٹ آف، اکاؤنٹ یا الگ خط کے ذریعہ یا ویب سائٹ پر آویزاں کر کے بتادی جائے گی۔ ایسی تبدیلیاں، اضافے اور حذف بینک کی طرف سے بتائی گئی کسی بھی تاریخ سے موثر ہوں گی یا اگر اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کے ساتھ فراہم کی جائیں گی اور اگر کسی اور طریقے سے آگاہ نہ کیا گیا ہو تو اسٹیٹمنٹ



آف اکاؤنٹ کی تاریخ موثر ہوں گی۔

13.2 شق نمبر 1-13 میں بتایا جانے والے طریقے کار کے مطابق کارڈممبر کو کسی قسم کی تبدیلیوں، اضافے اور تحریفوں سے آگاہ کرنے کے بعد کارڈممبر کارڈ اپنے پاس رکھے گا تو قواعد وضوابط میں کی جانے والی تبدیلیاں کارڈممبر کی طرف سے غیر مشروط طور پر قبول سمجھی جائیں گی۔ اگر کارڈممبر قواعد وضوابط میں کی جانے والی تبدیلیوں کو قبول نہ کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ کارڈ کو شق نمبر 1-11 اور 4-11 میں بتائے گئے طریقے کار کے مطابق منسوخ کروادے اور اس کا استعمال روک دے۔

## 14۔ اطلاع، افشا کرنا

کارڈممبر نا قابلِ تنسیخ اور غیر مشروط طور پر بینک کو اجازت دیتا ہے کہ اس کے کارڈ اکاؤنٹ، کارڈ کے استعمال سے متعلق معلومات، اس کے کوائف اور مالی معاملات کے بارے میں کسی بھی تیسرے شخص، عنصر، پارٹی جسے بینک سمجھے، پہلے بتائے گئے قواعد وضوابط (حقوق) پر بغیر کسی حرف کے اپنی مکمل صوابدید کے مطابق فراہم کر سکتا ہے۔ جیسا کہ کسی فروخت کنندہ، شریک بینک، مالی ادارے، کریڈٹ انفارمیشن بیورو (بیو یورز) بینک کی مالی سطح پر موجود برانچوں یا ذیلی اداروں، یا انٹرنیشنل ویزا یا ماسٹر کارڈ نیٹ ورک، جو بھی صوتحال ہو،

یا کسی فرد، یا دارے یا اتھارٹی کو جسے بینک اپنی صوابدید کے مطابق درست سمجھے فراہم کرسکتا ہے۔

## 15- نوٹسز

15.1 تمام کارڈ، پنز، نوٹسز، اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹس اور دیگر کوئی کمیونیکیشن جو کہ ان شرائط وضوابط کے تحت ہوں (جسے اب کمیونیکشنز کہا جائے گا) کو ذاتی طور پر بذریعہ کوریر یا عام ڈاک سے کارڈ ممبر کے آخری معلوم بلنگ کے پتہ پر بھیجا جائے گا اور یہ تصور کیا جائے گا کہ کمیونیکشنز اگر ذاتی طور پر بھیجی گئی ہیں تو اسی دن وصول ہوگئی ہیں اور اگر کوریئر کے ذریعہ بھیجی گئی ہیں تو بھیجنے والے دن سے اگلے کاروباری دن کو ان کی وصولی کا دن تصور کیا جائے گا۔ ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈ ممبر کو بھیجی جانے والی کمیونیکیشنز کو ضمنی کارڈ ممبر کو بھیجا جانا بھی تصور ہوگا۔

15.2 مندرجہ بالا کے اس ضمن میں حائل ہوئے بغیر بینک اس امر کا مجاز ہوگا کہ اپنی مکمل صوابدید میں وہ کسی نوٹس، درخواست یا ہدایت جو کہ کارڈ ممبر کی جانب سے خود یا کسی اور کو موصول ہو (چاہے وہ اصل ہو یا نہ ہو، کارڈ ممبر کی مرضی اور اجازت سے ہو یا نہ ہو) جو کہ زبانی دی گئی ہو یا دوسری صورت میں بینک کو متذکرہ بالا طریقہ کے علاوہ دی گئی ہو اور بینک کی جانب سے ان نوٹسز، درخواستوں اور ہدایات پر کی گئی کسی کاروائی کو کارڈ ممبر قبول کرنے کا پابند ہوگا۔ اور بینک اس ضمن میں کی گئی کسی کاروائی کے نتیجے میں کارڈ ممبر ہونے والے



نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

## 16- تحفظ (Indemnity)

16.1 کارڈ ممبر اس بات کا عہد کرتا ہے اور رضامند ہے کہ وہ بینک کو تحفظ فراہم کرے گا اور ایسے ہر نقصان، ذمہ داری اور ہرجانے اور خرچے، چاہے قانونی ہو یا کوئی دوسرا دعویٰ اور کاروائی، اقدام کا ذمہ دار ٹھرے گا جو کہ بینک ان شرائط وضوابط کے تحت کرے یا اس کی خلاف ورزی یا دیئے گئے بینک کے حقوق پر عمل درآمد کے لیے کرے (بشمول بینک کی جانب سے برداشت، سامنا کیے جانے، کسی نقصان کے جو کہ اسی حکومت کی جانب سے کسی پابندی کے نتیجہ میں یا کارڈ ممبر کی جانب سے فارن ایکسچینج، بیریئر سرٹیفیکیٹس یا دیگر کسی اور طرح فارن کرنسی میں ادائیگی کے نتیجے میں، تمام ہرجانے اور اخراجات بشمول قانونی اخراجات اور ادائیگیاں جو کہ بینک کو ان شرائط وضوابط کو لاگو یا عائد کرنے کے باعث برداشت کرنا پڑے یا پھر دوسری کسی وجہ سے، ان میں کارڈ/ اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کردیا جائے گا اور کارڈ ممبر کی جانب سے مطالبہ پر انھیں بقایاجات کے طور پر ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

16.2 اس بات کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ بینک نے وقتاً فوقتاً فراہم کی گئی سہولیات کی حوالہ سے کارڈ ممبر کی جانب سے زبانی یا ٹیلیفون کے ذریعہ دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے، صارف اس بات

کا بذاتِ خود (اور اپنے ورثاء کی جانب سے بھی) اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ بینک کی ٹیلیفون کے ذریعہ فراہم کی گئی کسی بھی سہولت کے حوالہ سے یا اس کے نتیجہ میں ہونے والے کسی نقصان کا بینک کے خلاف دعوی نہیں کرے گا۔ کارڈممبر مزید اس بات کا بھی اقرار کرتا ہے کہ بینک کو کسی بھی قسم کے اخراجات، لاگت، نقصانات، مطالبات اور پیش آمدہ اخراجات کے سلسلہ میں بری رکھے گا۔

16.3 کارڈممبر اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ اس کی جانب ٹیلیفون بینکنگ سے متعلق دی گئی کسی بھی زبانی ہدایات کو ریکارڈ کیا جائے گا اور بینک کی جانب سے اس کی نگرانی کی جائے گی۔ مزید یہ کہ اس ریکارڈ کو صارف اور بینک کے درمیان کسی تنازع کی صورت میں ہونے والی قانونی کاروائی کے دوران مجاز عدالت میں بطور ثبوت پیش کیا جاسکے گا۔

16.4 صارف مزید برآں اس بات کا بھی اقرار کرتا ہے کہ بینک اپنی صوابدید کے مطابق صارف کی کسی بھی زبانی ہدایت سے صرف نظر کرسکتا ہے یا اسے ناقابل عمل قرار دے سکتا ہے۔

16.5 صارف اس بات پر رضامند ہے کہ بینک کارڈممبر یا ذیلی کارڈممبر کے بینک میں موجود کسی بھی اکاؤنٹ سے فون بینکنگ سے متعلقہ خدمات پر یا اس کے نتیجہ میں آنے والے اخراجات کو منہا کرسکتا ہے۔

16.6 صارف اس بات کا ادراک رکھتا ہے اور اس کو قبول کرتا ہے کہ مذکورہ بالا زبانی ہدایات پر عمل بینک کی پالیسیز



سے مطابقت کے ساتھ مشروط ہے جو کہ وقتاً فوقتاً تبدیل ہوسکتی ہیں۔

16.7 اگر بینک کسی آسمانی آفت، جنگ، ادارہ جاتی تنازعہ، کسی مشینری کے فیل ہوجانے یا کسی بھی ایسی وجہ سے جو بینک کے قابو سے باہر ہونے کی وجہ سے شرائط وضوابط میں طے شدہ ذمہ داریاں ادا کرنے سے قاصر ہونے کی وجہ سے ہونے والے نقصان کا بالواسطہ یا بلاواسطہ کسی طرح ذمہ دار نہ ہوگا۔ مزید یہ کہ بینک کسی تاجر یا اور کسی دوسرے فریق کی جانب سے کسی اطلاع یا ابلاغ کی تاخیر کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## 17 سیٹ آف (تصفیہ) کا حق

17.1 بینک کسی بھی وقت اور صارف کو کوئی نو اطلاع دیئے بغیر صارف کے تمام اکاؤنٹس (چاہے وہ کرنٹ ہو یا سیونگ اور مقامی کرنسی میں ہوں یا غیر ملکی) ان سب کے مقابلہ میں واجب الاداء کو یکجا کرسکتا ہے اور اپنی صوابدید کے مطابق ان کا تصفیہ کرسکتا ہے یا ان کے مقابل واجب الاداء رقوم کو منہا کرسکتا ہے۔ جہاں اس قسم کا تصفیہ یا ادائیگیوں کو یکجا کرنا پایا جائے یا غیر ملکی کرنسی کو تبدیل کرنے کی ضرورت پیش آئے تو اس صورت میں رقوم کی تبدیلی کے اور دیگر اخراجات، اسی طرح کمیشن، نقصانات یا پریمیئم وغیرہ صارف پر لاگو ہوں گے جو کہ اسے برداشت کرنے ہوں گے۔

17.2 کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کے مقابل بینک کا حق کسی قابلِ ادائیگی رقم سے متاثر نہیں ہوگا نہ ہی اس پر اثر انداز یا لاگو ہوگا، اور ایسی تمام رقوم خواہ حقیقی ہوں یا متوقع، مجموعی طور پر ہوں یا الگ الگ فوری طور پر قابلِ ادائیگی ہوں گی اور کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کے انتقال کی صورت میں فوری طور پر ادا کرنی ہوں گی۔

17.3 کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کی جانب سے ان کے انتقال سے قبل کی گئی ٹرانزیکشنز کے مقابل بینک کا حق بدستور باقی رہے گا جب تک کہ بینک کو ان کے انتقال کے بارے میں تحریری طور پر مطلع نہیں کردیا جاتا، اور ایسی اطلاع موصول ہونے کی صورت میں کریڈٹ کارڈ اور اس کے اکاؤنٹ کو نئی ٹرانزیکشنز کے لئے بند کردیا جائے گا۔

17.4 بینک کسی سکسیشن سرٹیفکیٹ یا کسی مجاز عدالت کی جانب سے جاری کئے گئے حکم نامہ کے بغیر کسی آپریشن یا رقم نکالنے کی اجازت دینے کا پابند نہیں ہوگا۔ انتقال کرنے والے کارڈممبر کے قانونی لواحقین کو بینک کی جانب سے واجب الاداء رقم سے متعلق آگاہ کیا جائے گا اور انہیں کارڈممبر کی رقم اپنے نام منتقل کروانے سے قبل کارڈممبر کے بقایاجات کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

## 18 معافی/منسوخی

18.1 بینک کسی بھی وقت مشروط یا غیر مشروط طور پر ان شرائط وضوابط میں سے کسی کو یا عدم ادائیگی یا خلاف ورزی کو ختم کرسکتا ہے، بشرطیکہ اس طرح کا خاتمہ بینک کی جانب سے تحریری طور کیا جائے اور کوئی استثناء یا معافی خلاف ورزی بینک کے حقوق کو ختم کرنے یا ان کے استثنا کے لئے نہیں ہوگی۔ اور جب تک تحریری طور پر ایسا کرنہ دیا جائے اس وقت تک چاہے بینک کچھ کرے یا نہ کرے بینک کے حقوق بدستور قائم رہیں گے۔ اگر کسی معاملہ میں بینک کی جانب سے کوئی استثناء فراہم کیا جاتا ہے تو وہ اسی معاملہ تک محدود ہوگا۔

## 19 مکمل طور پر نفاذ

یہ قواعد وضوابط اس وقت تک مکمل طور پر نافذ رہیں گے جب تک کارڈممبر کی جانب سے دو حصوں میں کٹا ہوا کارڈ جس میں چپ بھی کٹ جائے، بینک کو موصول نہ ہوجائے اور کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر کی جانب سے واجب الاداء تمام چارجز، بقایاجات اور دیگر کوئی بھی واجب الاداء رقم بینک کو ادا نہ کردی جائے۔

## 20 شرائط وضوابط کا جداگانہ طور پر نفاذ

ان شرائط وضوابط کی ہر شق ایک دوسرے سے علیحدہ اور منفرد طور پر نافذ العمل ہوگی۔ اور اگر کوئی شرط یا ایک سے زائد شرائط غیر مؤثر یا غیر نافذ العمل قرار پائیں تو دیگر شرائط کا نفاذ، قانونی حیثیت اس سے متاثر نہیں ہوگی۔

## 21 حکومتی ٹیکسز اور دیگر ڈیوٹیز

21.1 کارڈممبر اور ضمنی کارڈممبر اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتے ہیں کہ وہ بینک کی جانب سے کارڈممبر کو فراہم کئے جانے والی سہولیات پر عائد ہونے والی اسٹیمپ ڈیوٹی یا ایکسائز یا اس طرح کے دیگر ٹیکسز یا دیگر رقوم بینک کو ادا کرے گا۔

21.2 بینک پاکستان سے باہر بھیجی گئی رقم کے ٹرانسفر کے وقت ایڈوانس ٹیکس جمع کرے گا کسی بھی ایسے شخص کی جانب سے جس نے کارڈ ٹرانزیکشن مکمل کیا ہو، جو فائلرز اور نان فائلرز کے لئے FBR کی موجودہ شرحوں کے مطابق ہوگا۔ یہ بیرون ملک کی جانے والی تمام ادائیگیوں پر لاگو ہوگا۔

21.3 کسی تنازعہ یا دھوکہ دہی کی صورت میں بینک کٹوتی کئے گئے ٹیکسز کی ادائیگی کا پابند نہیں ہوگا۔ ٹیکس کی واپسی کے لئے صارف کو ٹیکس کی مجاز اتھارٹی سے رابطہ کرنا ہوگا۔

## 22. کارڈ کی تجدید



بینک نیا کارڈ یا کارڈز از خود جاری کرے گا بشرطیکہ اسے اس کے برعکس نہ کہا گیا ہو، نیز بینک اس بات کا حق محفوظ رکھتا ہے کہ کسی کارڈ کی تجدید نہ کرے۔ کارڈممبر اس حوالہ سے شرائط وضوابط میں ہونے والی ترامیم کا پابند رہے گا۔

## 23. معاہدہ کی تجدید

بینک اپنی صوابدید کے مطابق کارڈ کی میعاد ختم ہونے، یا کارڈممبر کی جانب سے 80% مساومہ پرافٹ کے استعمال پر معاہدہ کی تجدید کی پیشکش کرسکتا ہے جب تک کہ صارف نے بینک کو اس بارے میں مطلع نہ کیا ہو کہ وہ کارڈ کو جاری نہیں رکھنا چاہتا۔ کارڈممبر بینک کی جانب سے مطالبہ کی صورت میں نیا معاہدہ تحریری یا زبانی طور پر انجام دینے کا اقرار کرتا ہے۔

## 24. کارڈ کی حد میں اضافہ

کارڈممبر کارڈ کی حد میں اضافہ کی درخواست کی صورت میں نیا معاہدہ اس کی شرائط وضوابط کے مطابق انجام دینے کا اقرار کرتا ہے، جس کی شرائط وضوابط میں بینک کی جانب سے تبدیلی اور ترمیم بھی ممکن ہوگی۔

## 25. لاگو ہونے والا قانون

یہ شرائط وضوابط پاکستانی قوانین کے تابع ہوں گی اور اس سلسلہ میں کارڈممبر متعلقہ مجاز عدالت کے احکامات کا پابند ہوگا۔

## 26. ادائیگیوں کی وصولی

26.1 اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری شدہ فیئر ڈیبٹ کلیکشن گائیڈ لائنز کے مطابق بینک آپ سے واجب الاداء رقم کی وصولی کے لئے کسی بھی ذریعہ سے رابطہ کرسکتا ہے۔ اس سلسلہ میں ایسا بھی ممکن ہے کہ کوئی بھی پیمنٹ مؤخر ہونے کی صورت میں آپ سے ملاقات کی جائے۔ یہ ملاقات قانونی دائرہ میں رہ کر کی جائے گی اور بینک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کارڈممبر سے نامناسب وقت میں رابطہ نہ کیا جائے نیز مناسب شناخت ظاہر کی جائے اور کال کرنے کی وجہ اور بینک کا نام واضح طور پر ظاہر کیا جائے۔

26.2 اسٹیٹ بینک کی گائیڈ لائنز کے مطابق کارڈممبر سے رہائش یا کاروبار کی جگہ ملاقات سے 14 دن قبل کارڈ ممبر کو واجب الاداء رقم کے بارے میں خط یا ایس ایم ایس کے ذریعہ اطلاع دی جائے گی۔ آپ سے کسی پیمنٹ کی عدم ادائیگی کے بعد 30 یوم تک رابطہ نہ ہوسکنے کی صورت میں بینک آپ کی اہل خانہ، دوستوں، پڑوسیوں، ملازمت کے ادارے یا کسی بھی دوسرے فریق سے رابطہ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ آپ سے رابطہ ہونے کے بعد آپ کے طرف سے ادائیگی نہ ہونے کی صورت میں بینک واجب الاداء رقم کی وصولی



کے لئے آپ کی معلومات کسی دوسرے فریق کو دینے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

# انسٹالمنٹ پلان

## C. تعریفات

**"انسٹالمنٹ پلان"** سے مراد کوئی بھی ریٹیل کی ٹرانزیکشن (کم ازکم 5000 پاکستانی روپے) دوسرے کارڈز سے بیلینس ٹرانسفر صرف اصل رقم کی حد تک (کم ازکم 500 پاکستانی روپے) ایک کنوینشنل کارڈ کے لئے صرف ایک مرتبہ ڈائل اے ڈرافٹ (کم ازکم 5000 پاکستانی روپے کا پے آرڈر) اشیاء یا خدمات ہیں جو کہ کارڈممبر کو ریوارڈ پروگرام کے تحت فراہم کی جائیں گی۔ صفر شرح منافع والی مخصوص اشیاء اور مخصوص مدت ادائیگی کا انسٹالمنٹ پلان جس سے کارڈممبر کو وقتاً فوقتاً آگاہ کیا جائے گا۔ کریڈٹ کارڈ کی سالانہ فیس (12 مساوی ماہانہ اقساط صفر شرح منافع کے ساتھ) جس کے لئے کارڈممبر دستیاب حد کو استعمال اور ٹرانزیکشن کی رقم کو انسٹالمنٹ پلان کی شرائط وضوابط کے مطابق مساوی ماہانہ اقساط میں ادا کرے۔

**"انسٹالمنٹ پلان کی مدت یا عرصہ"** سے مراد وہ ماہانہ اقساط ہیں جن کا انتخاب انسٹالمنٹ پلان حاصل کرتے وقت کارڈممبر کرے۔ بینک اپنی صوابدید کے مطابق انسٹالمنٹ پلان کی مدت یا عرصہ میں تبدیلی کرسکتا ہے۔

**"انسٹالمنٹ پلان سروس فیس"**، چارج سے مراد بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً بتائی جانے والی فیس ہے جو کہ چارجز کے گوشوارہ اور تحریری نوٹس کے ذریعہ کارڈممبر کو بتائی جائے اور جو کہ انجام دی گئی ٹرانزیکشن یا

**"انسٹالمنٹ پلان میں تبدیل"** کی جانے والی کارڈ ٹرانزیکشن پر عائد کی جائے۔

**"انسٹالمنٹ پلان منافع کی رقم"** سے مراد مساومہ کا منافع ہے جو کارڈممبر کی جانب سے انسٹالمنٹ پلان بک کرنے پر ادا کیا جائے۔

**"انسٹالمنٹ پلان کی رقم"** سے مراد وہ کل رقم جو انسٹالمنٹ پلان کے تحت ماہانہ اقساط کی صورت میں ادا کی جائے۔

**"انسٹالمنٹ پلان ماہانہ قسط"** سے مراد کارڈممبر کی جانب سے ادا کی جانے والی یکساں اقساط جن کا شمار انسٹالمنٹ پلان کی رقم کو انسٹالمنٹ پلان کی مدت پر تقسیم کر کے کیا جائے گا، جس میں ماہانہ بنیادوں پر منافع کی رقم بھی شامل ہوگی۔

**" کارڈ کی شرائط وضوابط"** سے مراد وہ شرائط وضوابط ہیں جو کارڈ پر لاگو ہوں۔ وہ تمام اصطلاحات جن کے معنی یہاں بیان نہیں کئے گئے انہی معنی کی حامل شمار ہوں گی جو ان شرائط وضوابط میں ان کے بیان کئے گئے ہوں۔



## 2. عمومی

بینک کسی بھی وقت کارڈممبر کو اطلاع کر کے انسٹالمنٹ پلان کی سہولت میں تبدیلی یا اسے ختم کر سکتا ہے۔ انسٹالمنٹ پلان کا مقصد بنیادی کارڈممبر کو اشیاء اور خدمات کی خریداری اور انہیں کارڈ ٹرانزیکشن کے ذریعے حاصل کرنے کی آسانی فراہم کرنا ہے جو وہ کارڈ پر موجود کریڈٹ کی حد کے اندر کر سکتے ہیں۔ یا کارڈ پر موجود بیلینس کو تبدیل یا یہاں ذکر کی گئی یا کریڈٹ کی شرائط وضوابط کے تحت انسٹالمنٹ پلان کے ذریعہ مساوی ماہانہ اقساط کے ذریعہ ادائیگیاں کر سکتے ہیں۔

## 3. اہلیت

انسٹالمنٹ پلان خصوصی طور پر بنیادی کارڈممبر کے لئے ہے بشرطیکہ وہ اپنے کارڈ کی ادائیگیاں باقاعدگی سے مقررہ تاریخ پر یا اس سے قبل کرے جو کہ قواعد وضوابط میں بھی تذکرہ کی گئی ہیں اور یہ بھی ضروری ہے کہ یہ کارڈممبر کے اکاؤنٹ پر کریڈٹ کی حد کے اندر ہو۔ انسٹالمنٹ پلان کی پیشکش نور فلیکسی کارڈ کے لئے نہیں ہے۔

## 4. انسٹالمنٹ پلان کا حصول

4.1 کارڈممبر اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لئے کسٹمر انٹریکشن سینٹر کو 111 06 06 06 پر فون کر سکتا

ہے یا پھر بینک کے کسٹمر سروسز اسٹاف کو اپنے انسٹالمنٹ پلان کی تفصیلات سے آگاہ کر سکتا ہے بشمول رقم کے (کم از کم پاکستانی 5000 روپے) 3 سے 60 ماہ تک کے عرصہ کے لئے (6,6 ماہ کی اقساط کے تحت) بینک کی منظوری سے بنیادی کارڈممبر یہاں ذکر کی گئی شرائط اور اور کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کے تحت انسٹالمنٹ پلان حاصل کر سکتا ہے۔

4.2 بینک اس شرط پر کہ انسٹالمنٹ پلان کی رقم کریڈٹ کی حد کے اندر ہے، اس درخواست کا جائزہ لے کر اس کو منظور کرے گا۔ انسٹالمنٹ پلان کی اصل رقم اور اور اس پر عائد ہونے والی انسٹالمنٹ پلان منافع کی رقم (جو کہ ماہانہ مساوی قسط کی رقم ہوگی) کارڈممبر کے ہر ماہانہ اسٹیٹمنٹ پر علیحدہ علیحدہ درج کی جائے گی۔ اس کے علاوہ اصل بقایا رقم جو کہ کارڈممبر کی جانب واجب الاداء ہے وہ اسٹیٹمنٹ کے نچلے حصہ میں مذکور ہونگی۔

4.3 کارڈممبر انسٹالمنٹ پلان کی رقم کی ادائیگی ماہانہ اقساط میں ذکر کی گئی شرائط اور کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کے تحت کرے گا۔

4.4 کارڈممبر ایک سے زیادہ انسٹالمنٹ پلان بھی حاصل کر سکتا ہے بشرطیکہ کارڈممبر کے کارڈ کی حد تک بینک اس کی اجازت دے۔



## 5. انسٹالمنٹ پلان کی بلنگ اور ادائیگی

5.1 کارڈممبر کی جانب سے انسٹالمنٹ پلان حاصل کرنے کے بعد والے اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ سے ماہانہ قسط کی وصولی شروع ہو جائے گی اور اس وقت تک جاری رہے گی جب تک انسٹالمنٹ پلان کی مکمل رقم کی ادائیگی کارڈممبر کی جانب سے نہ ہو جائے۔

5.2 جو کارڈممبر انسٹالمنٹ پلان حاصل کرے گا اس کے ماہانہ اسٹیٹمنٹ پر موجود کم از کم قابلِ ادائیگی رقم میں انسٹالمنٹ پلان کی قسط بھی شامل ہوگی۔

5.3 اگر کوئی کارڈممبر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ پر موجود آخری تاریخ ادائیگی تک کم از کم قابل ادائیگی رقم سے کم جمع کرائے گا تو کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کے مطابق اس کو شرائط وضوابط کے مطابق منافع کی رقم بھی ادا کرنی ہوگی۔

5.4 کارڈممبر بینک کی رضامندی اور انسٹالمنٹ پلان کی پروسیسنگ فیس کی ادائیگی پر اپنے انسٹالمنٹ پلان کی مدت میں تبدیلی کروا سکتا ہے یا اس ضمن میں انسٹالمنٹ پلان کی مدت ختم ہونے سے قبل پوری رقم کی یکمشت ادائیگی بھی کر سکتا ہے۔

5.5 کارڈ منسوخ یا ختم ہونے کی صورت میں شرائط وضوابط کے تحت انسٹالمنٹ پلان بھی خود بخود منسوخ یا ختم تصور

ہوگا اور کارڈ ممبر کو انسٹالمنٹ پلان کی بقایا رقم اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ موصول ہوتے ہی فوری طور پر ادا کرنی ہوگی۔

## 6. اشیاء کی ذمہ داری اور سروس

بینک انسٹالمنٹ پلان کے تحت حاصل کی گئی کسی شئے یا اشیاء اور یا سروس (سروسز) کی خریداری، تنصیب، استعمال یا دیگر کسی وجہ سے کارڈ ممبر کو پہنچنے والے کسی نقصان یا ضرر کا ذمہ دار نہ ہوگا اور نہ ہی کسی قسم کی کوئی قانونی یا دیگر ذمہ داری بینک پر عائد ہوگی۔ بینک انسٹالمنٹ پلان کے تحت خریدی اور حاصل کی گئی شئے (یا اشیاء) سروس (سروسز) کے معیار کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ انسٹالمنٹ پلان کے تحت خریدی اور حاصل کی گئی شئے (یا اشیاء) سروس (سروسز) کے معیار کے بارے میں شکایات متعلقہ فروخت کنندہ کو کرنی ہوں گی، اور اس صورت میں بھی کارڈ ممبر انسٹالمنٹ پلان کے تحت اپنی ادائیگی کی ذمہ داری سے بری نہیں ہوگا۔

## 7. ترامیم، تبدیلیاں اور منسوخیاں

7.1 بینک کو اس بات کا اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کارڈ ممبر کو 30 یوم قبل اطلاع دیکر بغیر کسی ذمہ داری کے انسٹالمنٹ پلان کو ختم یا منسوخ کر دے یا اسکی خصوصیات یا فوائد میں تبدیلی یا کمی کر دے۔ بینک کو اس بات کا بھی اختیار حاصل ہے کہ وہ انسٹالمنٹ پلان کے تحت کم از کم رقم کا تعین کرے۔



7.2 کارڈ ممبر کسی بھی وقت بینک کو پہلے سے مطلع کر کے انسٹالمنٹ پلان ختم کر سکتا ہے۔

7.3 اگر بینک یہ سمجھتا ہو کہ کارڈ ممبر نے شرائط وضوابط یا کارڈ کی شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی ہے یا اور کسی اور وجہ سے جسے بینک درست تصور کرے، بینک بغیر کوئی وجہ بتائے اس بات کا حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کارڈ ممبر کو اس میں مزید شرکت سے روک دے۔

7.4 بینک کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ انسٹالمنٹ پلان کے تحت کارڈ ممبر کی جانب سے دی گئی ہدایات کو بغیر کوئی وجہ بتائے منسوخ یا مسترد کر دے۔

## 8. غیر معمولی حالات

8.1 بینک کسی آسمانی آفت، جنگ، ادارہ جاتی تنازعہ، کسی مشینری کے فیل ہو جانے یا کسی بھی ایسی وجہ سے جو بینک کے قابو سے باہر ہو کی وجہ سے انسٹالمنٹ پلان کی شرائط وضوابط میں طے شدہ ذمہ داریاں ادا کرنے سے قاصر ہونے کی وجہ سے ہونے والے نقصان کا بالواسطہ یا بلاواسطہ کسی طرح ذمہ دار نہ ہوگا۔ مزید یہ کہ بینک کسی تاجر یا اور کسی دوسرے فریق کی جانب سے کسی اطلاع یا ابلاغ کی تاخیر کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ عمومی شرائط پر اثر انداز ہوئے بغیر بینک کارڈ ممبر کی جانب سے دی گئی انسٹالمنٹ پلان کی درخواست پر عمل درآمد میں کسی تاخیر کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

8.2 انسٹالمنٹ پلان کی شرائط وضوابط کارڈ کے اجرء اور استعمال کی شرائط وضوابط پر اثر انداز نہیں ہوں گی اور کارڈ کی شرائط انسٹالمنٹ پلان پر بھی لاگو ہوں گی۔ انسٹالمنٹ پلان یا اس کی شرائط وضوابط کے متعلق ہونے والے کسی بھی تنازعہ کے بارے میں بینک کا فیصلہ حتمی ہوگا اور صارف اس کا پابند ہوگا۔

8.3 بینک کسی بھی سامان فراہم کرنے کا وعدہ کرنے والے تاجر کی جانب سے کسی کمی کوتاہی کا ذمہ دار نہ ہوگا چاہے یہ کمی کوتاہی سامان کی تعداد سے متعلق ہو یا سامان کے معیار سے یا چاہے سامان بالکل فراہم ہی نہ کیا گیا ہو۔ اسی طرح صارف جس تاجر سے خدمات حاصل کرنا چاہتا ہو اس کی جانب سے ہونے والی کسی ناکامی کا بھی بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔

## فیسلیٹی کا تحفظ

## شرائط وضوابط

کسی بھی کارڈ ممبر کو جو کہ کارڈ فیسلیٹی تحفظ (اسکیم) حاصل کرے کو حاصل ہونے والے اختیارات اور حقوق درج ذیل شرائط وضوابط کے تحت ہوں گے۔ اس پالیسی کے تحت فیصل بینک اپنی تکافل کمپنی کے ذریعہ ان بنیادی کارڈ ممبرز کو جو کہ پالیسی حاصل کررہے ہیں درج ذیل کسی بھی حقیقی یا حادثاتی واقعہ پر ای ایف یو فیملی تکافل فند کے



ذریعہ تحفظ فراہم کرتا ہے۔ (اس کا حوالہ بعدازاں وقف فنڈ سے دیا جائے گا)

موت، عارضی بیماری، مستقل مکمل معذوری، عارضی مکمل معذوری، شدید ترین بیماری (فیسلیٹی پروٹیکشن کی صورت میں)۔

## اسکیم سے متعلق تعریفات

سوائے ان جگہوں کے جہاں اس کے برخلاف وضاحت کی گئی ہو، مفرد جمع کو اور مذکر مونث کو شامل ہوگا اور اس کے برعکس بھی۔ جلی حروف میں ظاہر کی گئی اصطلاحات کا وہی معنی ہوگا جو ایف بی ایل اسلامی کارڈ پر لاگو ہونے والی شرائط وضوابط میں بیان کیا گیا ہے۔

**"حادثہ"** کا مطلب جسمانی زخم جو کہ بیرونی وحادثاتی طور پر لگا ہو، بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر حادثہ کی وجہ سے اور دیگر تمام اسباب شامل ہیں۔

**"بینک"** سے مراد فیصل بینک ہے جس کو بعدازاں اشورڈ کہا جائے گا۔

**"کارڈ ممبر"** کا مطلب ہے فیصل بینک اسلامی کارڈ فیسلیٹی کا صارف۔

**"آغاز کی تاریخ"** سے مراد وہ تاریخ ہے جس سے ممبر شپ کا آغاز ہوگا۔

**"کنٹری بیوٹری تکافل"** سے مراد وہ کوریج ہے جس کے لئے انفرادی طور پر کوئی شخص تکافل میں کنٹری بیوشن دے۔

**"فیسلیٹی"** سے مراد کارڈ کی صورت میں یا کسی اور صورت میں مالی تعاون فراہم کرنے کے لئے دی گئی فیسلیٹی ہے جو بینک کی جانب سے کارڈ ممبر کو فراہم کی گئی ہو۔

**"کارڈ"** سے مراد صرف فیصل بینک اسلامک کارڈ ہے جس کو فیملی تکافل کی کوریج لاگو ہونے کے لئے نامزد کیا گیا ہو۔

**"سنگین بیماری"** سے مراد وہ بیماری یا مرض ہے جو تاریخ آغاز کے بعد پہلی مرتبہ واقع ہو یا اس تاریخ سے پہلے وجود میں آئے بشرطیکہ اس بیماری کے بارے میں کوئی مشورہ یا علاج کسی معالج یا طبیب سے تاریخ آغاز سے پہلے والے 12 ماہ کے اندر حاصل نہ کیا گیا ہو۔

**"موت"** سے مراد زخمی ہو کر یا بیماری سے موت واقع ہونا ہے۔

**"اہلیت کے حامل کارڈ ممبر"** سے مراد وہ کارڈ ممبر جو فیملی تکافل کے لئے اس ممبر شپ کی شق نمبر 4 کے تحت اہلیت رکھتا ہو۔



**"گروپ فیملی پارٹیسپینٹ تکافل فنڈ"** سے مراد وہ فنڈ وتکافل آپریٹر کے وقف فنڈ کے تحت جمع ہونے والا فنڈ جس کو جی ایف پی ٹی ایف کہا جائے گا اور جس میں تمام گروپ فیملی تکافل کنٹری بیوشنز کو موت کی صورت میں حاصل ہونے والے اور اضافی فوائد کے لئے جمع کیا جائے گا۔

**"قرضداری بوقت موت، مستقل مکمل معذوری، سنگین بیماری یا جان لیوا بیماری"** کا مطلب بینک کے گذشتہ کارڈ اسٹیٹمنٹ کا کلوزنگ بیلنس جو اس موقع سے قبل ہو جو کسی کلیم کو پیدا کر رہا ہے بمع کارڈ کی مجاز ٹرانزیکشن کی اماؤنٹ کے۔ قرضداری کارڈ کی کل واجب الاداء رقم سے زیادہ شمار نہیں ہوگی، بشرطیکہ اگر عارضی مکمل معذوری کے فوائد ادا کر دیئے گئے ہوں تو عارضی مکمل معذوری کے نتیجہ میں واجب الاداء بیلنس میں سے کم کردہ رقم کے مساوی قرضداری کم ہوگی۔

**"زخم"** سے مراد حادثہ کے نتیجہ میں پیدا ہونے والا جسمانی زخم جو کہ تاریخ آغاز کے بعد پیدا ہوا ہو۔

**"ماہانہ قسط"** سے مراد وہ کم سے کم رقم جو کہ حامل کارڈ کی جانب سے بینک کو ادا کرنا ہو جو کہ کلیم میں ایونٹ سے قبل جاری کردہ آخری اسٹیٹمنٹ میں درج ہے۔

**"پارٹیسپینٹ"** سے مراد اہلیت کا حامل کارڈ ممبر جو کہ اس ممبر شپ میں کور کی قبولیت کے بعد شامل ہو۔

"مستقل مکمل معذوری" سے مراد وہ ممبر جو کہ حادثہ یا بیماری کے سبب مسلسل ۶ ماہ تک مستقل مکمل معذوری سے دو چار ہو اور یہ اس ممبر کو تربیت، تعلیم اور تجربہ کے حوالہ سے کسی بھی پیشہ میں کام کرنے سے روکے۔ بشرطیکہ بیمہ دھندہ اس کے معذوری سے مطمئن ہو۔

"ممبر شپ کے وقفہ" سے مراد تاریخ آغاز یا کسی بھی تجدید کی تاریخ سے ایک مہینہ ہے۔

"تاریخ تجدید" سے مراد تاریخ آغاز کے بعد سے مہینہ کا مکمل ہونا ہے۔

"بیماری" سے مراد وہ بیماری جو تاریخ آغاز کے بعد پہلے مرتبہ ظاہر ہو۔

"تکافل کنٹریبیوشن" سے مراد طے شدہ وقفوں پر موت کی صورت میں حاصل ہونے والے تکافل کے فوائد یا اس کے علاوہ تکافل کے ذیلی فوائد کے لئے " گروپ فیملی پارٹیسپینٹ تکافل فنڈ" کو دی جانے والی کنٹریبیوشنز ہیں۔

"عارضی مکمل معذوری" سے مراد وہ صورتحال جس میں ممبر اپنے پیشہ ملازمت میں ۴۵ روز سے زائد عرصہ تک حادثہ یا بیماری کی وجہ سے قابل عمل نہ رہے بشرطیکہ وہ ممبر جو ملازم نہ ہو اور اپنے آجر سے کوئی رقم حاصل نہ کر رہا ہو۔



"میعادی بیماری کے فوائد" سے مراد وہ طبی حالت جو کو متعلقہ اسپیشلسٹ کے مطابق تکافل آپریٹر سے منظور شدہ ہو اور ممبر کی زندگی میں پیش آئے، جو کہ اس حالت کی تشخیص کے 6 ماہ بعد تک محدود ہو گی۔

"ٹرانزیکشن" سے مراد کوئی بھی ریٹیل خریداری، رقم نکلوانا، انسٹالمنٹ پلان یا ریوالونگ بیلینس۔

"ونڈو تکافل آپریٹر" سے مراد ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ- ڈبلیو ٹی او ہے۔

"ونڈو تکافل آپریٹر فیس" سے مراد وہ فیس جو انڈر رائیٹنگ، اور جی ایف پی ٹی ایف کے عمومی اخراجات و انتظامات کے لئے درکار ہو۔

"وقف ڈیڈ" سے مراد وقف کی تحریر جس کے ذریعہ سے نا قابل واپسی وقف فنڈ تشکیل پائے جس کا نام ای ایف یو فیملی تکافل وقف فنڈ ہے۔

"وقف رولز" سے مراد جی اف پی ٹی ایف کی وقف کی تحریر کے تحت طے پانے والے قواعد و ضوابط ہیں۔ وقف ڈیڈ اور وقف رولز کو مجموعی طور پر وقف رولز کہا جائے گا جو کہ ونڈو تکافل آپریٹر کے ہیڈ آفس میں دستیاب ہیں۔

جہاں پر اس کے برخلاف وضاحت نہ کی گئی ہو وہاں واحد میں جمع بھی شامل ہو گا اور مذکر میں مؤنث بھی اور دونوں

صورتوں میں برعکس بھی۔

## 1. بنیادی عقد

یہ شرائط وضوابط ونڈو تکافل آپریٹر اور پارٹیسپینٹ کے درمیان بنیادی پالیسی کو طے کرتی ہیں۔ مجاز دستخط کنندہ کے علاوہ کوئی بھی فرد اس پالیسی میں تبدیلی، تکافل کنٹریبوشن کی ادائیگی کا وقت بڑھانے، کسی قسم کی کمی کوتاہی کو معاف کرنے، ونڈو تکافل آپریٹر کے کسی قسم کے حقوق کو معاف کرنے، اس کی طرف سے کسی بھی قسم کی کوئی نمائندگی کرنے یا اس کی طرف سے معلومات دینے کا مجاز نہیں ہوگا۔ ونڈو تکافل آپریٹر پہلے یا بعد میں مجاز دستخط کنندہ کے علاوہ کسی بھی فرد کی طرف سے کسی قسم کے وعدہ کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## 2. اس ممبرشپ میں تبدیلی

اس ممبرشپ میں کورڈ ممبر کے اتفاق رائے کے بغیر کسی بھی وقت تبدیلی یا ترمیم کی جاسکتی ہے جبکہ اس کے لئے بینک کی طرف سے تحریری درخواست دی جائے اور ونڈو تکافل آپریٹر کی طرف سے یہ درخواست قبول کرلی جائے۔ اس ممبرشپ میں کسی بھی قسم کی تبدیلی یا ترمیم تمام کورڈ ممبرز پر لاگو ہوگی چاہے وہ پہلے سے کورڈ ہوں یا اس تبدیلی کے بعد کورڈ ہوں۔



## 3. اہلیت

کور کے لئے تمام کارڈ ممبر جو کہ موجودہ ہیں یا مستقبل میں بنیادی کارڈ ممبر جو کہ بینک کی کارڈ فیسلیلیٹی کے حامل ہوں اور جو کہ اہلیت کی عمر کی حد کے اندر ہوں (یعنی 18 سے 69 سال اور اگر 69 سال سے پہلے انرولڈ ہوں تو 75 سال)۔ موجودہ کارڈ ممبرز تاریخ آغاز سے اہلیت کے حامل ہوں گے۔ مستقبل کے کارڈ ممبرز کارڈ کے اجراء کی تاریخ سے اہلیت کے حامل ہوں گے۔ ذیلی کارڈ ممبر کور کے حامل نہیں ہوں گے۔

## 4. عمر کا ثبوت

ممبر کی عمر کا ثبوت کسی بھی فائدے کے سلسلے میں درکار ہوگا جس کی ادائیگی اس ممبرشپ کے تحت کی جانی ہو۔ کسی بھی ممبر کی تاریخ پیدائش اگر غلط ثابت ہوئی تو ونڈو تکافل آپریٹر ایڈجسٹمنٹ کے سلسلے میں اس ممبرشپ کے تحت بینک کو آگاہ کریگا۔ کوئی بھی فوائد اس ممبرشپ کے تحت قابل ادائیگی نہیں ہونگے اگر ممبر کی عمر 75 سال سے اوپر ہو۔ اس سلسلے میں شناختی کارڈ عمر کے ثبوت کے لئے قابل قبول ہوگا اگر شناختی کارڈ دستیاب نہ ہو تو ایسی صورت میں پیدائش کا سرٹیفکیٹ قابل قبول ہوگا۔ اگر شناختی کارڈ یا پیدائشی سرٹیفکیٹ بھی نہ ہو تو میٹرک کا سرٹیفکیٹ ثبوت کے طور پر پیش کرنا ہوگا۔

## 5. معاوضے اور کنٹری بیوشن کا حساب

ایک بار جب آپ EFU نور تکافل کے لئے اندراج کرتے ہیں تو ماہانہ سبسکرپشن فیس 0.69% آپ کے ماہانہ کلوزنگ بیلنس پر لاگو ہو جائے گی جو ہر ماہ آپ کے نور کارڈ اسٹیٹمنٹ میں دکھائی جائے گی۔ تاہم ونڈو تکافل آپریٹر، بینک کو نوٹس دے کر، مناسبت کے حساب سے شرحوں میں ترمیم کرسکتا ہے۔ ترمیم شدہ شرح اگلے مہینے سے لاگو ہوں گے۔

## 6. تجدید

یہ تکافل ممبر شپ درکار رقم کی وصولی کے بعد خود بخود رینیو تصور کی جائے گی جو کہ ہر مہینہ ڈائریکٹ ڈیبٹ کی صورت میں ادا کی جائے گی۔

## 7. فری لُک پیریڈ

اس سے مراد 14 کلینڈر والے دن ہیں جن کے دوران صارف اس تکافل ممبر شپ کی شرائط کا جائزہ لے سکتا ہے اور بغیر کسی جرمانہ کے کوریج کو منسوخ کرسکتا ہے۔ ان 14 دنوں کے اندر اگر کوئی تکافل کنٹریبیوشن دی گئی ہو تو اس کو بغیر کسی جرمانہ کے پورا واپس کردیا جائے گا اور تکافل ابتداء ہی سے منسوخ تصور ہوگا بالکل اس طرح جیسے تکافل کورلیا ہی نہ گیا ہو اور کوئی کلیم ادا نہیں کیا جائے گا۔ اگر صارف فری لُک پیریڈ کے بعد ممبر شپ منسوخ کرتا ہے تو شق نمبر 9 لاگو ہوگی۔



## 8. منسوخی

اگر کوئی ممبر مجوزہ فری لُک پیریڈ کے بعد ممبر شپ منسوخ کرتا ہے تو جبکہ پالیسی نافذ العمل ہو چکی ہو تو شرائط وضوابط کے مطابق منسوخی کلینڈر کے مطابق اگلے مہینہ سے کی جائے گی اور منسوخی کی تاریخ سے قبل واجب الاداء یا دی جا چکی تکافل کنٹری بیوشن ناقابل واپسی اور ناقابل معافی ہوگی۔ جو صارف ممبر شپ منسوخ کروانا چاہے گا وہ تحریری طور پر بینک کے ذریعہ درخواست کرے گا یا بینک کے مقرر کردہ ہیلپ لائن نمبر پر ریکارڈ ڈ کال کے ذریعہ درخواست کرے گا۔

## 9۔ فوائد/کوریج

جب تحریری طور پر اس بات کا ثبوت مہیاء کردیا جائے کہ ممبر کے ساتھ درج ذیل مقرر کردہ مواقع پیش آئے ہیں اور اس دوران ممبر شپ بھی مکمل طور پر نافذ العمل ہو، تو جی ایف پی ٹی ایف جو کہ ونڈو تکافل آپریٹر کے زیر انتظام ہوگا درج ذیل فوائد ادا کرے گا:

### (ا) موت کے فوائد

ممبر کی قرضداری کی رقم بمع اس پر زیادہ سے زیادہ مدت کے لئے لاگو ہونے والے کریڈٹ چارجز۔ یہ رقم 300000 (تیس لاکھ) تک محدود ہوگی۔

### (ب) حادثاتی موت کی صورت میں اضافی فوائد

ممبر کی زخمی ہو کر (اندرونی یا بیرونی طور پر) موت واقع ہونے کی صورت میں جس کا سبب مکمل طور پر ہنگامہ یا تشدد ہو اور حادثہ کا مطلب یہ کہ ظاہری جسم پر نظر آنے والا زخم موجود ہو سوائے دو بنے کی صورت میں یا اندرونی زخم کی صورت میں جو آٹوپسی سے پتہ چلے، اور یہ موت حادثہ کے 90 دن کے اندر براہ راست اسی زخم کی وجہ سے واقع ہو نہ کہ بالواسطہ یا اور کسی بیماری یا علالت کی وجہ سے تو اس صورت میں ونڈو تکافل آپریٹر کے زیر انتظام جی ایف پی ٹی ایف ممبر کی قرضداری کے برابر رقم ادا کرے گا بشرطیکہ یہ 3000000 (تیس لاکھ) تک محدود ہوں گے۔

### (ج) مستقل مکمل معذوری کے فوائد:

اگر حادثہ یا بیماری کی وجہ سے عارضی مکمل معذوری ہو جائے تو فوائد کی رقم بمع قرض کی رقم اور اس لاگو کریڈٹ چارجز گی ایف پی ٹی ایف کی جانب سے مستقل مکمل معذوری کے زیادی سے زیادہ 2 ماہ تک ادا کئے جائیں گے۔ یہ فوائد معذوری کے بعد آنے والے 6 ماہ بعد ادا کئے جائیں گے۔
مستقل مکمل معذوری سے مراد وہ ممبر جو کہ حادثہ یا بیماری کے سبب مسلسل ۶ ماہ تک مستقل مکمل معذوری سے دو چار ہو اور یہ اس ممبر کو تربیت، تعلیم اور تجربہ کے حوالہ سے کسی بھی پیشہ میں کام کرنے سے روکے۔



### (د) عارضی مکمل معذوری کے فوائد:

اگر حادثہ یا بیماری کی وجہ سے عارضی مکمل معذوری ہو جائے تو دوران معذوری تکافل اپریٹر کے زیر انتظام جی ایف پی ٹی ایف زیادہ سے زیادہ ۱۲ ماہ کی ماہانہ ادائیگی تک جاری رہے گی۔ یہ فوائد اور ۴۵ ایام انتظار کے عرصہ کے دوران فوائد قابل ادائیگی نہیں ہے۔

### (ہ) میعادی بیماری کے فوائد

بیماری کی تشخیص پر ممبر کی قرضداری کی رقم بمع اس پر لاگو ہونے والے کریڈٹ چارجز زیادہ سے زیادہ ۲ ماہ تک ونڈو تکافل آپریٹر کے زیر انتظام جی ایف پی ٹی ایف کی جانب سے قابل ادائیگی ہوں گے۔

### (و) سنگین بیماری کے فوائد

اگر ممبر کو سنگین بیماری تشخیص ہوتی ہے تو ونڈو تکافل آپریٹر کے زیر انتظام جی ایف پی ٹی ایف کی جانب سے ممبر کی قرضداری کی رقم بمع اس پر لاگو ہونے والے کریڈٹ چارجز زیادہ سے زیادہ ۲ ماہ تک ادا کئے جائیں گے۔

اگر مندرجہ بالا بیماری ممبر شپ لینے کے ۳ ماہ کے اندر سامنے آجائے یا پھر ۳۰ دن کے اندر انتقال ہو جائے تو جان لیوا

بیماری کے فوائد ادا نہیں کیے جائیں گے۔

جان لیوا بیماری سے مراد درج ذیل ہیں:

جان لیوا بیماری کا مطلب درج ذیل بیماریاں جو کہ شروع کرنے کی تاریخ کے بعد پہلی بار تشخیص ہو۔

- سرطان
- دل کا دورہ
- اسٹروک
- دل کی سرجری (بائی پاس)
- گردوں کا فیل ہونا (بیماری کی آخری اسٹیج)
- اہم جسمانی اعضاء کی تبدیلی
- فالج
- نابینا پن (بینائی ختم ہونا)
- ملٹیپل اسکلروسز
- بہرہ پن (سماعت سے محروم)



## 10. حدود اور کمی

الف) عارضی مکمل معذوری کے فوائد پہلے ۴۵ ایام کے لئے قابل ادائیگی نہیں ہوگی۔

ب) زیادہ سے زیادہ فوائد کی رقم جو کہ اس ممبر شپ کے تحت کلیم کی جا سکتی ہے مبلغ 30 لاکھ روپے سے زائد نہیں ہونگے۔

ج) اگر ممبر کو ایک سے زیادہ فوائد حاصل کرنے کی اہلیت ہوئی تو ایک فائدہ ہی دیا جائے گا زیادہ سے زیادہ کی بنیاد پر جو کہ لاگو ہو۔

## 11. ممبر شپ کی تنسیخ

درج ذیل کسی بھی وجہ سے ممبر کی ممبر شپ ختم ہو جائیگی۔

ا) کارڈ ممبر کا انتقال، بیماری یا مستقل مکمل معذوری

ب) کارڈ ممبر کے کریڈٹ کارڈ کی منسوخی

پ) کارڈممبر کی عمر 75 سال کی ہوجائے۔

ت) ممبر کی جانب سے ۹۰ دن تک پریمیم کی ادائیگی نہ کرنے پر

ٹ) دیگر کوئی بھی تاریخ جس پر کارڈممبر کی اہلیت ختم ہوجائے جو کہ کسی بھی دھوکہ دہی یا مجرمانہ سرگرمیوں کی وجہ سے ہو۔ کورٹ کا فیصلہ اس سلسلے میں حتمی ہوگا۔

ث) کارڈممبر کی جانب سے انشورنس منسوخ کرنے کے بارے میں نوٹس

ج) ممبر کی موت واقع ہوجائے، جان لیوا بیماری ہوجائے، مستقل مکمل معذوری پیش آجائے یا سنگین بیماری لاحق ہوجائے۔

## 12. مستثنیات

درج ذیل کے دوران موت، لاعلاج مرض اور معذوری کے نتیجہ میں کوئی بینیفٹ ادا نہیں کیا جائیگا۔

ا) آغاز سے ۱۳ ماہ کے دوران خودکشی

ب) آغاز سے ۳۰ ایام کے دوران بیماری



پ) ایسا مرض اور جسمانی زخم جو کہ شروع کرنے کی تاریخ سے پہلے کا ہو۔

ت) حمل ضائع ہونا، بچے کی پیدائش یا دیگر نسوانی بیماری جو کہ کسی بھی وجہ سے ہو۔

ٹ) کارڈممبر کی جانب سے جان بوجھ کر زخم لگانا، ذہنی توازن خراب ہو، پاگل پن، کارڈممبر کی جانب سے غیر قانونی عمل

ث) کوئی بھی حادثہ جو کہ کسی بھی ایئرکرافٹ سے متعلق ہو جس میں کہ بیمہ شدہ سفر کررہا تھا بطور پسینجر اور جسے لائسنس شدہ کمرشل آپریٹر چلارہا ہو یا وہ چارٹرڈ ایئرلائن ہو۔

ج) جنگ، لڑائی، سول نافرمانی اور بیرونی دشمن سے خطرے کی صورت میں چاہے اعلان کیا گیا یا نہ کیا گیا ہو۔

ح) کسی بھی مسلح یا ملٹری فورسز کی جانب سے خدمات سرانجام دینا۔

خ) خطرناک کھیل جیسا کہ موٹر سائیکلنگ، شکار کرنا، پیچھا کرنا، پہاڑ پر چڑھنا، کسی بھی قسم کی ریس وغیرہ کرنا۔

## 13. کور کی منظوری

تحریری یا زبانی طور پر ٹیلیفون یا آواز کی ریکارڈنگ کے ذریعہ کارڈ ممبر کی جانب سے اتفاق کو اس ممبرشپ کی قبولیت کے لئے معتبر سمجھا جائے گا۔ کارڈ ممبر کی جانب سے رضامندی وصول ہونے اور بینک کی جانب سے اس کی تصدیق کے بعد تکافل آپریٹر کور کو نافذ کردے گا۔

تکافل کنٹریبیوشن کی ٹرانزیکشن کو اگلے مہینہ کی ماہانہ قسط کے گوشوارہ میں ظاہر کیا جائے گا جو کہ رضامندی دیئے جانے کے بعد درکار ہوگا۔ کارڈ ممبر تحریری طور پر یا کال کرکے بینک کو پالیسی کے تنسیخ کے احکامات جاری رکھنے کا حق رکھتا ہے۔ تکافل آپریٹر کے پاس کسی بھی کارڈ ممبر کو خصوصی شرائط کے مطابق منظور کرنے یا رد کرنے کا حق ہوگا۔

## 14. قابل انتقال ہونا

اس ممبرشپ کے تحت دیا جانے والا کور یا فوائد نا قابل انتقال ہوں گے۔

## 15. دعوی

دعوی کے لئے تحریری نوٹس بینک کو 90 دن کے اندر وصول ہونا چاہئے اور تمام دعووں کے ساتھ اس کا



ثبوت، عمر کا ثبوت اور پیشہ اور دیگر معلومات کو منسلک کیا جانا چاہئے۔ ممبر اپنے خرچ پر تمام معلومات وثبوت دعوے کے سلسلے میں فراہم کریگا۔

## 16. (A) دعوے کا طریقہ کار

دعوی بہرصورت 90 یوم کے اندر ای ایف یو ڈبلیو ٹی او کو مل جانا چاہیئے۔ تمام دعووں کے ساتھ اس کا ثبوت، عمر کا ثبوت اور پیشہ اور دیگر معلومات کو منسلک کیا جانا چاہیئے۔ ای ایف یو ڈبلیو ٹی او درج ذیل دستاویزات کے ساتھ مزید کوئی دستاویز بھی طلب کرسکتا ہے:

- یونین کونسل کا جاری کردہ ڈیتھ سرٹیفکیٹ
- پالیسی حاصل کرنے والے ممبر کے شناختی کارڈ کی کاپی
- دعوی کرنے والے کا بیان
- جس ڈاکٹر نے کیس دیکھا ہو اس کی رپورٹ
- ایف آئی آر کی کاپی
- اگر پوسٹمارٹم ہوا ہو تو اس کی رپورٹ
- آخری چھ مہینوں کے کارڈ کے بل
- معذوری کی صورت میں دعوی کا فارم
- یا دیگر کوئی دستاویز جس کی ضرورت ہو

## 16. ملکیت میں تبدیلی


اگر بینک کا کاروبار کسی کو منتقل ہو یا کسی شخص یا ادارہ کی جانب سے اس کو خرید لیا جائے تو اس ادارہ یا شخص کے پاس اختیار ہوگا کہ تکافل کنٹریبیوشن کو جاری رکھے اور ایسی صورت میں بعد ازاں اسی شخص یا ادارہ کو بینک کی جگہ سمجھا اور اس کے ساتھ معاملہ کی جائے گا۔

## 17. اس تکافل پالیسی کی منسوخی

مذکورہ بالا شرائط وضوابط کے مطابق اس ممبر شپ کو ایک مخصوص وقت تک کے لئے جاری کیا گیا ہے اور یہ اس وقت تک نافذ العمل ہوگی جب تک طے شدہ کنٹریبیوشن ادا کی جاتی رہے۔ بہر حال تکافل آپریٹر ۹۰ یوم قبل اطلاع دیکر اس ممبر شپ کو منسوخ کرسکتا ہے۔۔ واضح رہے کہ منسوخی کی صورت میں اس تاریخ سے پہلے واجب الاداء ذمہ داریاں متاثر نہیں سمجھی جائیں گی۔ اس تکافل ممبر شپ کے (درج بالا شرائط وضوابط پر اثر انداز ہوئے بغیر) مندرجہ ذیل اثرات ہوں گے:

منسوخی کے بعد اس ممبر شپ کے تحت موت، جان لیوا بیماری، سنگین بیماری یا معذوری کی صورت میں کوئی انفرادی کور قابلِ ادائیگی نہیں ہوگا۔





## 18. قانون

یہ ممبرشپ پاکستان کے قانون کے تحت ونڈو تکافل آپریٹر کے شرعی مشیر کی جانب سے بتائے گئے شریعت کے اصولوں کے تحت ہوگی۔

19. انشورنس آرڈیننس 2000 کے اور تکافل 2012 کے رول 8(3) کے تحت یہ ممبرشپ اور دیگر اضافی فوائد کا تعلق ونڈو تکافل آپریٹر کے جی ایف پی ٹی ایف سے ہوگا۔ تکافل آپریٹر ممبرشپ کو باقی رکھتے ہوئے اس فنڈ کو چینج بھی کرسکتا ہے۔

**شرائط وضوابط یہاں ختم ہوگئے۔**

## اعتذار

1. EFU نور تکافل ایک زیر تحریر تکافل پروڈکٹ ہے، جوکہ EFU لائف انشورنس لمیٹڈ WTO کی طرف سے جاری اور مقرر کردہ شرائط وضوابط کے تابع ہے۔

2. EFU نور تکافل بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے۔



3. EFU نور تکافل صرف پروڈکٹ کا نام ہے اور کسی لحاظ سے پوڈکٹ کے معیار کی نشاندہی نہیں کرتا۔

4. فیصل بینک EFU لائف انشورنس لمیٹڈ۔WTO کی جانب سے EFU نور تکافل کے ڈسٹری بیوٹر کے طور پر کام کررہا ہے۔ اور اگر کسی بھی صورت میں EFU لائف انشورنس لمیٹڈ۔WTO آپ کی درخواست یا کلیم کو مسترد کردیا جاتا ہے تو اس صورت میں فیصل بینک ذمہ دار نہیں ہوگا اور نہ ہی اس کی تحقیقات کرے گا اور نہ ہی کسی دعوی پر کوئی رائے فراہم کرے گا۔

5. اگر آپ کو اپنے پلان کوریج کے مطابق کوئی بھی شکایت درپیش ہے تو آپ EFU لائف انشورنس لمیٹڈ۔WTO سے اس نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں (111-338-111) (021)111-EFU-111 یا کسی بھی سروس سے متعلق شکایت کے لئے آپ فیصل بینک کے رابطہ مرکز 06 06 06 111 پر کال کرسکتے ہیں یا اپنی قریبی برانچ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

## ای میل/ایس ایم ایس کے ذریعہ اسٹیٹمنٹس:

## تعریفات

" کسٹمر" سے مراد پاکستانی رہائشی جس کا اپنا اکاؤنٹ بینک کے ماس پہے جو بینک کی ای میل/ ایس ایم ایس

اسٹیٹمنٹ سروس حاصل کرنا چاہتا ہے۔

## شرائط وضوابط:

مندرجہ ذیل شرائط وضوابط (شرائط وضوابط) لاگو ہونگے جب کارڈممبر بینک سے درخواست کرتا ہے کہ مطبوعہ گوشوارہ کے بجائے کارڈممبر کی اپنی مکمل ذمہ داری اور کسٹمر کی سہولت کے پیش نظر الیکٹرانک میل (ای میل/ ایس ایم ایس) کے ذریعہ کارڈممبر کو اسکے اکاونٹ کے گوشوارے (اسٹیٹمنٹ) فراہم کرے۔ تاہم بینک اس درخواست کو قبول کرتا ہے یا نہیں اس کا بینک کو مکمل اختیار ہوگا۔

1. بینک اس بات کا مجاز ومختار ہے تاوقتیکہ اس کے برخلاف درخواست تحریری شکل میں مجاز دستخطی کے دستخط کے ساتھ بینک کو کسٹمر کے رابطہ کے طریقہ کار کے مطابق موصول نہ ہو کہ بینک کارڈممبر کو اسکا گوشوارہ تحریری شکل میں بذریعہ ڈاک بھیجنے کے بجائے برقی میل کے توسط سے ارسال کرے

2. کارڈممبر، بینک کو کسی بھی رازداری یا عدم انکشاف کی حقیقی وحکمی ذمہ داری جس کے نتیجے میں بینک کے مینڈیٹ کی تعمیل یا اور کسی بھی خرابی، غلطی یا غیر مجاز منتقلی یا گوشوارہ تک رسائی یا/ اور کسٹمر کے کسی بھی خطرے یا نقصان



کی ذمہ داری سے سبکدوش کرتا ہے

3. بینک کسی بھی وقت بغیر کسی وجہ بتائے کارڈممبر کو نوٹس کی مدت دے کر تحریری طور پر اس مینڈیٹ کو کسی بھی وقت ختم کرسکتا ہے۔ کارڈممبر اس مینڈیٹ کو تحریری ہدایت یا اصل میں یا کسٹمر انٹرایکشن سینٹر کے معیاری عمل کے ذریعے ختم کرسکتا ہے اور اس طرح کی منسوخی اسی دن اس طرح کی تحریری ہدایات کی فراہمی کے بعد ہی موثر ہوگی۔

4. کارڈممبر تسلیم کرتا ہے اور سند فراہم کرتا ہے کہ ای میل ٹرانسمیشن کی صداقت کی تصدیق کرنے میں موروثی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے، اور بینک کارڈممبر کی سہولت کے لئے کارڈممبر کی مخصوص درخواست کے جواب میں ای میل کے توسط سے گوشوارہ فراہم کرے گا۔ اور ایسا کرتے ہوئے، کارڈممبر کی اپنی ذمہ داری پر بینک اپنے عمومی آپریٹنگ کے طریقہ کار سے انحراف کرے گا۔

5. کارڈممبر بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ، شیڈول آف چارجز کے مطابق، ای میل کے ذریعہ گوشوارہ کی سہولت فراہم کرنے کے لئے بینک کی طرف سے عائد کردہ چارجز ادا کرنے پر اتفاق کرتا ہے۔

6. گوشوارہ کی ترسیل تاخیر یا غیر منتقلی کی صورت میں، بوجہ کارڈممبر کے میل باکس کا مکمل یا غلط پتہ فراہم کرنے ، یا کسی بھی خرابی، وائرس، انٹرنیٹ سروس فراہم کنندہ کی خرابی یا اسی طرح کی پریشانیوں کی وجہ سے، بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔ گوشوارہ موصول نہ ہونے کی صورت میں، کارڈممبر کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ بینک سے رابطہ کریں اور گوشوارہ حاصل کریں۔

7. بیان کی ترسیل یا تاخیر یا غیر منتقلی کی صورت میں ، بینک یا اس کے ملازمین یا نمائندوں یا افسران میں سے کوئی بھی براہ راست، بالواسطہ، کسی بھی نقصان کا جو ان وجوہات کی بناء پر ہوں کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

8. اس پر واضح طور پر اتفاق کیا گیا ہے کہ یہاں موجود انتظامات ، کارڈ کے سلسلے میں کارڈممبر کی ذمہ داریوں اور اس میں لاگو شرائط وضوابط کی حق تلفی کے بغیر ہوں گے۔

## ایس ایم ایس کے ذریعے انتباہات کی تعریفات:

جب تک کہ سیاق وسباق میں گنجائش ہو، مندرجہ ذیل الفاظ، فقرے اور ان کے متعلقہ معانی یہاں بیان کردہ معنی کے مطابق ہوں گے:



**کارڈ ہولڈر:** سے مراد ہر وہ فرد جس کے پاس فیصل بینک کا فعال کریڈٹ کارڈ ہو۔

**ایکسیس:** سے مراد کسٹمر کو SMS پر مبنی اکاؤنٹ کی معلومات تک رسائی فراہم کرنے کے مقصد کے لئے نیٹ ورک کا استعمال۔

**الرٹ:** سے مراد بینک کے ذریعہ ایس ایم ایس پیغامات پر مبنی اکاؤنٹ یا پراڈکٹ سے متعلق بینک کے ذریعہ تیار کردہ معلومات جو بینک کسٹمر کی مخصوص درخواست پر کسٹمر کو فراہم کرتا ہے۔

**اکاؤنٹ:** سے مراد ایک یا زائد مخصوص اکاؤنٹ بشمول کارڈ اکاؤنٹ جو کسٹمر کی درخواست پر نیٹ ورک سے منسلک ہوتا ہے اور اس طرح کسٹمر کو خدمات کے استعمال کرنے کے قابل بناتا ہے۔

**اکاؤنٹ انفارمیشن:** سے مراد کسٹمر کے بینک کے ساتھ برقرار اکاؤنٹ سے متعلق معلومات۔

**ٹیلکو:** سے مراد وہ سیلولر فون کمپنی جس نے بینک کے کسٹمر کو موبائل فون بینکنگ کی سہولیات کی فراہمی کے مقصد کے لئے بینک کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔

**کسٹمر:** سے مراد ہر وہ فرد جو بینک کے ساتھ بینک اکاؤنٹ برقرار رکھتا ہے اور ٹیلیکو کارڈ ہولڈر کے ذریعہ پیش کردہ خدمات کا سبسکرائبر ہے۔

**نیٹ ورک:** سے مراد ٹیلیکو کے GSM / TDMA سیلولر ٹیلیفون نیٹ ورک پر خدمات کے حصول کی رسائی ہو۔

**پراڈکٹ انفارمیشن:** سے مراد کسٹمر کو وقتاً فوقتاً بینک کی صوابدید پر بینک کی متعدد پراڈکٹ سے متعلق فراہم کی جانی والی معلومات۔

**سروس:** سے مراد ایس ایم ایس پر مبنی انفارمیشن سروسز جو نیٹ ورک کے توسط سے کسٹمر کو فراہم کی جاتی ہیں۔

**ایس ایم ایس:** سے مراد مختصر میسیجنگ سروس جس میں GSM/TDMA کی telecommunications system پر حرفی نمبروں کی اسٹوریج، روٹنگ اور فراہمی شامل ہے۔

9. مذکورہ اصطلاحات کے وہی معنی ہوں گے جو کارڈ کی شرائط وضوابط میں موجود ہیں۔



## شرائط وضوابط:

- کارڈ کے حصول پر کارڈ ہولڈر بینک کے ایس ایم ایس الرٹ کی سہولت میں رجسٹرڈ ہو جاتا ہے، جس کے تحت کارڈ ہولڈر کو اس کے موبائل فون نمبر پر مختصر پیغام رسانی کی خدمت ("SMS") کے ذریعہ ایک مخصوص الرٹ موصول ہوتا ہے۔ کارڈ ہولڈر ایس ایم ایس الرٹ کی سہولت کے ذریعہ کوئی لین دین نہیں کرسکیں گے۔ ایس ایم ایس انتباہات صرف اس موبائل فون نمبر پر بھیجے جائیں گے جو خاص طور پر کارڈ ہولڈر نے اس شق کے مقاصد کے لئے فراہم کیا ہے۔

- اس طرح کے ایس ایم ایس انتباہات کارڈ ہولڈر کو صرف اس صورت میں دستیاب ہوں گے جب کہ کارڈ ہولڈر اپنی مخصوص سیلولر سروس مہیا کرنے والے سیلولر سروس کی حدود میں ہو۔

- اگر کارڈ ہولڈر کو شبہ ہو کہ اس کو بھیجے گئے ایس ایم ایس الرٹ میں موجود معلومات میں کوئی غلطی ہے تو وہ جلد از جلد بینک کو اس کے متعلق آگاہ کرے گا اور بینک جس صورت ممکن ہو غلطی کو بہترین کوشش کی بنیاد پر دور کرنے کی کوشش کرے گا۔

- کارڈ ہولڈر اس بات سے متفق ہے کہ کارڈ ہولڈر کو فراہم کی جانے والی ایس ایم ایس الرٹ کی خدمات اس کی سہولت کے لئے ایک اضافی سہولت ہے جس میں تاخیر اور غلطی کا امکان ہے۔

- کارڈ ہولڈر ایس ایم ایس الرٹ کی سہولت کے سبب پہنچنے والی کسی بھی ( ممکنہ ) تکلیف اور نقصان کے لئے بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائے گا۔

- کسی بھی غیر مجاز استعمال/ معلومات تک رسائی اور/ یا بینک کے ذریعہ کارڈ ہولڈر کے موبائل فون نمبر بھیجے گئے ایس ایم ایس الرٹ یا کسی تیسرے شخص کے ذریعہ اس معلومات کے تحت جعلسازی پر مبنی استعمال یا غلط استعمال کے لئے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

- مذکورہ بالا کے باوجود، یہ واضح کیا جاتا ہے کہ اگرچہ کارڈ ہولڈر نے ایس ایم ایس الرٹ کی سہولت حاصل کی ہے مگر بینک کی کوئی ذمہ داری نہیں کہ وہ کارڈ ہولڈرز کو ایس ایم ایس الرٹس بھیجے۔ مزید یہ کہ، بینک اس بات کا بھی حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ ایس ایم ایس الرٹس صرف ان کارڈ ہولڈرز کو بھیجے جو کسی مخصوص سیلولر سروس فراہم کرنے والے کی خدمات حاصل کر رہے ہیں۔



- کسٹمر اس کے ذریعہ بینک کو تشہیری پیغامات بھیجنے کا اختیار دیتا ہے، جو بینک وقتاً فوقتاً بھیجنا چاہتا ہے جس میں بینک کی مصنوعات، مبارکباد یا کوئی دوسرا پیغام شامل ہے

- کسٹمر ناقابل فسخ اور غیر مشروط طور پر اتفاق کرتا ہے کہ بینک یا اس کے نمائندگان کے ذریعہ اس طرح کے پیغامات/ کالز کو ذاتیات میں دخل اندازی نہیں سمجھا جائے گا۔

- کسٹمر یہ اقرار کرتا ہے اور قبول کرتا ہے کہ فراہم کی جانے والی خدمات کا انحصار ان کے بنیادی ڈھانچے، ربط سازی اور ان خدمات پر ہوتا ہے جو ٹیلکوس کے ذریعہ فراہم کی جارہی ہیں اور یہ کہ بینک کے ذریعہ بھیجی گئی معلومات کی ٹائم لائن اور درستگی اندرون اور بیرون ملک فراہم کردہ نیٹ ورک پر اثر انداز ہونے والے عوامل پر منحصر ہوگی۔ بینک کسی بھی حالت کی کسی بھی صورت میں، معلومات کی عدم فراہمی یا تاخیر سے فراہمی کے لئے ذمہ دار ہوگا اور نہ ہی کسٹمر کو معلومات کی ترسیل میں غلطی، نقصان یا تحریف کے لئے۔

- کسٹمر کے پری پیڈ ائیر ٹائم (prepaid air time) کو لوڈ کرنے میں ٹیلکو (Telco) کی طرف سے کسی بھی قسم کی ناکامی یا تاخیر کے لئے کو بینک ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا اور صارفین کو ٹیلکو کی جانب سے

- استعمال کی غرض سے فراہم کئے گئے ایئر ٹائم کی معطلی یا عارضی بندش سے بینک کا کوئی تعلق ہے اور نہ ہی اس سے متعلق بینک ذمہ دار ہے۔ٹیلکو کے خلاف صارفین کی شکایات کا ازالہ براہ راست کسٹمر اور متعلقہ ٹیلکو کے مابین طے کیا جائے گا۔

- موبائل فون بینکنگ کی سہولت کے سلسلے میں بینک کے ذریعہ فراہم کی جانے والی خدمات کو کسی بھی وقت مرمت اور دیکھ بھال کے کاموں کے مقصد کے لئے عارضی طور پر معطل کیا جاسکتا ہے، اس طرح کی معطلی بینک کے لئے کسی بھی ضروری حفاظتی عمل کے سلسلے میں بھی کی جاسکتی ہے۔

- کسٹمر یہ تسلیم کرتا ہے کہ بینک یہ خدمات مرحلہ وار مہیا کرے گا اور یہ کہ بینک پہلے سے فراہم کردہ خدمات کے علاوہ مزید سہولیات کو شامل کرنے کا فیصلہ کرسکتا ہے۔اس کے برعکس، بینک اپنی پوری صوابدید کے تحت، کسی بھی وقت بنا پیشگی اطلاع کے کسٹمر کو فراہم کی جانے والی تمام خدمات کو منسوخ یا ختم کرنے کا فیصلہ کرسکتا ہے۔

- بینک کے ذریعہ پیش کردہ خدمات چارجز کے تحت ہوں گی جو بینک کے شیڈول آف چارجز (SOC) میں مہیا ہوں گی، جن کی وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاسکتی ہے اور جدید ایس او سی کی صورت میں کسٹمر کو فراہم کی جائیں گی۔



مزید برآں، کسٹمر مذکورہ خدمات اور/ یا اس طرح کے ائیر ٹائم یا دیگر معاوضوں کی ادائیگی کے لئے ذمہ دار ہوگا جو انتباہات وصول کرنے کے سلسلے میں ٹیلکو یا بینک کے ذریعہ لگائے جاسکتے ہے۔اگر خدمات کے استعمال کے سلسلے میں کسٹمر کو کوئی ادائیگی کرنا پڑے تو، بینک کو کسٹمر کے بینک سے منسلک اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے کا حق حاصل ہوگا۔تاہم، اگر نہ تو گاہک اپنے اکاؤنٹ میں معاوضوں کی ادائیگی کرتا ہے اور نہ ہی اکاؤنٹ میں کافی مقدار میں بیلنس برقرار رکھتا ہے تو، بینک بغیر کسی پیشگی اطلاع کے خدمات کو معطل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

## ریوارڈ پروگرام (SMILE POINTS (REWARDS))

## تعریفات

انعامات کے سلسلے میں بیان ہونے والی اصطلاحات کے مندرجہ ذیل معنی ہوں گے اور اگر ذیل میں بیان نہ کی گئی ہو تو وہی معنی مراد ہوں گے جو ایف بی ایل اسلامی کارڈ کی شرائط وضوابط سے متعلق اطلاق شدہ اصطلاحات سے منسوب ہیں۔

**"کارڈ"** سے مراد بینک کی جانب سے کارڈ ممبر کو جاری کیا گیا ماسٹر کارڈ ہے

**"کارڈممبر"** سے مراد بنیادی کارڈممبر ہے، جس سے ضمنی کارڈممبر خاص طور پر مستثنی ہے۔

"Redemption Partner Outlets" سے مراد ہر وہ تاجر، دوکاندار، ریسٹورنٹ، چین اسٹور، ہوٹل، گیس اسٹیشن، گروسری اسٹور، رٹیلر، سپر اسٹور یا اسی طرز کی کوئی اور کمپنی جو صارفین کو سامان اور خدمات فروخت کرنے کا کاروبار کرتی ہیں اور نعام پروگرام کے تحت کارڈ پر انعامات کی پیشکش کرتی ہیں۔

**"انعامات"** سے مراد کوئی پراڈکٹ، تحفہ، خدمت، واؤچر یا ریوارڈ پروگرام کے تحت ملنے والے انعامات ہیں جو کہ بینک کی جانب سے مقررہ کردہ وہ پارٹنرز کے پاس قابل استعمال ہیں۔

"Eternal Rewards" سے مراد وہ ریوارڈ پوائنٹس جو کسٹمر کی جانب سے بینک کے ذریعہ سہ ماہی بنیاد پر خیرات اور عطیات دینے کے لئے استعمال ہوں۔

"Smile Point (Rewards) Programme" or "Rewards Programme" سے مراد تاجروں کی جانب سے جنہوں نے بینک کے ساتھ قابل ترمیم شرائط وضوابط کے تحت معاہدہ کر رکھا ہو، کارڈممبران کے لئے مفید پروگرام ہے۔ جس کے لئے بینک نے ایسے تاجروں کے پاس کریڈٹ کارڈ کو قبول کرنے کی صلاحیت رکھنے والی مشین اس مقصد کے تحت نصب کی ہے۔ پوائنٹ سے مراد کارڈ ممبر کی جانب سے ریوارڈ پروگرام میں شرکت کی غرض سے کریڈٹ کارڈ کے استعمال کے ذریعہ حاصل ہونے والا پوائنٹ ہے۔ پوائنٹ کا حساب ریوارڈز پروگرام کے نظم کے تحت لگایا جاتا ہے۔



## Smile Points (Rewards) کی شرائط:

1. Smile Points (Rewards) Programme ایک پروموشنل پیشکش ہے جو نور فلیکسی کارڈ کے علاوہ تمام نور کارڈز کے لئے دستیاب ہے۔

2. ریوارڈ پروگرام کے جاری رہنے کے دوران کارڈممبر کو پاکستانی 100 روپے یا اسکے مساوی زر مبادلہ کے خرچ کے پر 1 پوائنٹ دیا جائیگا جبکہ کسٹمر کے اکاونٹ کو صرف مذکورہ رقم کے لئے ہی چارج کیا جائے گا یا پھر ریٹیل خریداری بلوں کی ادائیگی اور اصولی بل کی قسط کی رقم۔ بینک ریوارڈ پوائنٹ کے کئے درکار رقم میں کسی بھی وقت تبدیلی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

*یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی کے لئے، 500 ریوارڈ پوائنٹس کی زیادہ سے زیادہ کیپنگ لاگو ہوتی ہے۔

3. انعامات پروگرام کی اہلیت کے لئے کارڈممبر کو Redemption Partner Outlets پر اپنے کارڈ کا استعمال کرکے ادائیگی کرنا ہوگی۔

4. انعامات صرف کارڈ چپ داخل کرکے ہی حاصل کیے جاسکیں گے یا Redemption Partner Outlets کی ادائیگی کی جگہ پر ای ٹرمینل پر کارڈ اسٹرپ گزار کر۔

5. کارڈممبر 111 06 06 06 پر بینک کے 24 گھنٹے کسٹمر انٹر ایکشن سینٹر پر فون کرکے انعامی پوائنٹ کی صورتحال کا اندازہ لگاسکتا ہے یا آخری کارڈ اسٹیٹمنٹ کو چیک کرکے یا پھر Redemption Partner Outlet. کے پاس موجود ٹرمنل میں کارڈ گزار کر

6. حاصل کردہ پوائنٹس کارڈممبر صرف اسی صورت استعمال کرسکتا جبکہ اس کا اکاؤنٹ فعال ہو (کارڈممبر کی جانب سے منسوخ یا ختم نہ کیا گیا ہو) اسے دھوکہ دہی سے نہ چلایا جارہا ہو۔ اور ماضی کی کوئی واجب الاداء رقم باقی نہ ہو۔

7. حاصل کردہ پوائنٹس کسی اور شخص کو منتقل نہیں کیے جاسکتے اور نہ ہی کیش میں تبدیل کئے جاسکتے ہیں نہ ہی قرض میں قابل تبدیل ہیں۔ پوائنٹس جاری ہونے کے بعد گم یا ضائع ہونے کی صورت میں دوبارہ جاری نہیں کئے



جائیں گے اور جاری کرنے والے ادارہ کی وضع کردہ شرائط وضوابط کے تحت ہوں گے۔

8. پوائنٹس خریدی گئی اشیاء اور خدمات کے عوض جزوی ادائیگی بھی کی جاسکتی ہے اور بقیہ ادائیگی نقد یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعہ کی جاسکتی ہے

9. ضمنی کارڈممبر کے پوائنٹس مرکزی ممبر کے اکاونٹ میں جمع کئے جائیں گے اور وہی انہیں استعمال کرنے کا مجاز ہے

10. کریڈٹ کارڈ سے خریداری کے وقت ای ٹرمنل میں کارڈ کے اندراج (کارڈ کی چپ یا مقناطیسی اسٹرپ) نہ کرنے پر کوئی ریوارڈ پوائنٹس نہیں دئے جائیں گے۔

11. اکاونٹ میں حاصل شدہ پوائنٹس درج ذیل صورت میں منسوخ کر لئے جائیں گے۔

i. بینک کی جانب سے مطالبہ کئے گئے بقایا جات کی عدم ادائیگی پر کریڈٹ کارڈ منسوخ کردیا جائے۔

ii. کارڈممبر کی جانب سے اپنے کارڈ کی منسوخی کی درخواست جس کے تحت متعلقہ اکاونٹ کو غیر فعال یا ختم کردیا جائے

iii. اکاونٹ ختم ہوجائے

iv. کارڈممبر کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط پر عملدرآمد میں ناکام رہے۔

v. حاصل کئے گئے ریوارڈ پوائنٹس 1 سال کے عرصہ کے دوران استعمال نہ کئے جائیں۔

12. کارڈممبر کو رقم نکلوانے، نفع کی ادائیگی، مساومہ قیمت کی ادائیگی، چیک واپسی کے اخراجات، کرنسی تبادلہ کے اخراجات، متنازعہ ادائیگی اور تکافل کی مد میں ادائیگی کی صورت میں کوئی پوائنٹس نہیں دئے جائیں گے۔

13. بینک کارڈممبر کو فراہم کردہ پوائنٹس کے استعمال کے باعث پیدا ہونے والے کسی امور/ شکایت/ مطالبہ/ دعوی / نقصان یا ہرجانے کا کسی طور پر ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔

14. انعامات کے سلسلے میں مقررہ پارٹنرز کی جانب سے کسی تاخیر یا عدم کارکردگی کا بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

15. جمع کردہ انعامی پوائنٹس کے تبادلے کے ذریعہ حاصل کردہ سامان اور خدمات کے سلسلے میں بینک کوئی گارنٹی فراہم نہیں کرتا (حقیقی یا لاگو شدہ)۔ بنا تحدید کے خاص طور پر، بینک سامان یا خدمات کے معیار یا کسی مقصد کے لئے ان کی مناسبت یا پائیداری کے حوالے سے کوئی ضمانت نہیں دیتا۔



16. انعامی سلسلے میں مقرر کردہ پارٹنرز کے ذریعے خریدی گئی اشیاء معیاری نہ ہونے یا عیب دار اور خراب ہونے کی صورت میں بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

17. بینک کسی بھی وقت کارڈممبر کو حاصل شدہ انعامی پوائنٹس کو ختم کرنے یا اس کی خصوصیات وفوائد کو منسوخ یا تبدیل کرنے کے لئے کسی بھی طور پر 30 دن کا نوٹس دے کر ان شرائط وضوابط میں شامل یا خارج کرسکتا ہے، یا دستبرداری یا واپس لے سکتا ہے مزید انعامی پوائنٹس کے مقررہ شرکا کو تبدیل کرنے، یا انعامی پوائنٹس کی قدر اور/ یا ان کے استعمال کے انداز میں ترمیم یا ان کو محدود کرسکتا ہے اگرچہ اس طرح کے کسی بھی فعل سے اس سے قبل جمع شدہ پوائنٹس کی قدر بھی اثر انداز ہوسکتی ہے۔

18. انعامی پوائنٹس کے استعمال کے ذریعہ خریدی گئی اشیاء تبدیل نہیں کی جاسکتیں نہ ہی ان کے بدلے کیش یا کریڈٹ کارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے کسی بھی صورت میں اور ان کے ذریعہ خریدی جانے والی اشیاء خراب اور نقصان کے باوجود تبدیل نہیں کی جاسکتیں اور یہ مقررہ پارٹنرز کی جانب سے جاری کردہ شرائط وضوابط کے تابع ہوں گی جو وہ جاری کریں

19. اگر بینک ان شرائط وضوابط کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی انجام دہی سے قاصر ہوجائے ، براہ راست یا بالواسطہ کسی بھی مشینری یا مواصلاتی نظام کی ناکامی کی وجہ سے، جس میں ای ایکس، پی او ایس ٹرمینلز، صنعتی تنازعہ، جنگ، قدرتی آفات یا بینک کے کنٹرول سے باہر کوئی چیز شامل ہے یا مقررہ پارٹنر آؤٹ لیٹس یا کسی دوسرے فریق کے ذریعہ انعام کے لین دین کے ثبوت کے بینک کو منتقل کرنے میں کسی تاخیر کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

20. اگر کسی بھی وقت انعامی پوائنٹس یا ان شرائط وضوابط کے سلسلے میں کوئی تنازعہ پیدا ہوتا ہے تو، اس سلسلے میں بینک کا فیصلہ حتمی ہوگا جسکی پابندی فریقین پر لازم ہوگی ۔

21. ابدی انعامات کے مقصد کے لئے، کارڈممبر بینک کو اجازت دیتا ہے کہ کارڈ اخراجات پر حاصل کیے گئے انعامات جو ایف بی ایل اسلامک کارڈ میں دستیاب ہیں کہ استعمال کرنے اور کسی بھی خیراتی ادارے کو بطور خیرات و عطیات صدقہ کی مد میں اپنی صوابدید پر ادا کریں۔ کارڈممبر نے مزید اعتراف کیا ہے کہ اس عطیہ/ خیرات کی رقم کو زکوۃ کے حساب کے تحت شمار نہیں کیا جائے گا۔



## 22. تنازعات اور انکا حل:

i. بینک اس بات کا حقدار ہوگا کہ وہ کسی کارڈممبر کے ایسے دعوی کو رد کردے کہ جس میں کارڈممبر نے دعوی کیا ہے کہ کارڈ ٹرانزیکشن جعلسازی ہے اور وہ بینک کے ذریعہ متعلقہ کارڈ ٹرانزیکشن (عمل) سے انکار کرتا ہے۔ جبکہ بینک ماسٹرکارڈ/ ویزا کے فرنچائز اصول کی تعمیل میں موجود حقوق (چارج بیک) کے تحت تحقیقات کرے تو یہ ثابت ہوجائے کہ کارڈممبر کو مبینہ متنازعہ کارڈ ٹرانزیکشن پر اس کے رجسٹرڈ موبائل نمبر پر بینک کی طرف سے ایس ایم ایس موصول ہوا تھا، مگر کارڈممبر ہیلپ لائن پر کال کر کے بینک کو کارڈ کے بلاک کرنے کی فوری اطلاع دیکر کارڈ بلاک کرانے میں ناکام رہا۔ مذکورہ بالا کارڈ کے ممبر کی طرف سے کارڈ کو بلاک کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں کارڈممبر کے کارڈ اکاؤنٹ سے کی گئی ٹرانزیکشن کو مجاز ٹرانزیکشن شمار کیا جائے گا۔

ii. اگر کسٹمر اپنے گمشدہ، چوری یا غلط استعمال شدہ کارڈ کے بارے میں بینک کو کارڈ کی لین دین کی تعداد 15 سے تجاوز کر جانے کے بعد مطلع کرتا ہے تو بینک ماسٹرکارڈ کے کارڈ کی عدم موجودگی کے فرنچائز قوانین کے تحت جاری تحقیقات کے دعوی کو رد کرنے کا حق رکھتا ہے ۔

## مخصوص فروخت کنندگان کے پاس کارڈ کے استعمال کی پابندی سے متعلق کوڈز:

فیصل بینک جانب سے شرعی اصولوں کی پاسداری کے پیش نظر، مندرجہ ذیل سوداگران کے زمرہ کوڈز (ایم سی سی) کی درجہ بندی (Catogery) کی گئی ہے۔اور انکے غیر شرعی ہونے کی بنیاد پر فیصل بینک اسلامک کارڈ کے استعمال کے لئے بندش لگائی گئی ہے۔

| | |
|---|---|
| MCC 5733 | میوزک اسٹورز۔موسیقی کے آلات۔پیانو۔میوزک شیٹ |
| MCC 5813 | شراب خانے۔کاکٹیل لاونجز،کلب (رقص گاہ)،نائٹ کلب، ہوٹل،شراب نوشی کے مقامات (نشہ آور مشروبات) |
| MCC 5921 | پیکج اسٹورز،بیئر،وائن یا شراب |
| MCC 6050 | کواسی کیش۔کسٹمر فنانشل انسٹی ٹیوشن |
| MCC 6051 | کواسی کیش۔تاجر |



| | |
|---|---|
| MCC 7273 | ڈیٹنگ سروسز |
| MCC 7297 | مساج (مالش) پارلر |
| MCC 7800 | حکومتی لاٹری (صرف ریاست امریکہ کے لئے قابل اطلاق) |
| MCC 7801 | انٹرنیٹ پر کھیلا جانے والا جوا |
| MCC 7802 | حکومتی لائسنس یافتہ گھڑ دوڑ/ چوپائے کی دوڑ کا مقابلہ |
| MCC 7832 | Motion Picture Theatres |
| MCC 7841 | ویڈیو انٹرٹینمنٹ رینٹل اسٹورز |
| MCC 7911 | ڈانس ہال،ڈانس اسکول اور اسٹوڈیوز |
| MCC 7922 | (except Motion Pictures), Ticket Agencies<br>Theatrical Producers |
| MCC 7929 | بینڈ، آرکسٹرا، دیگر متفرق تفریحات جن کی کہیں اور درجہ بندی نہ ہوئی ہو |

MCC 7995 جوئے کی لین دین

MCC 9406 حکومت کے زیرملکیت لاٹری (مخصوص ممالک)

## تھری ڈی SECURE SERVICE (تھری ڈی سیکیور)

تھری ڈی سیکیور ایک ایسی خدمت ہے جو کارڈ ہولڈر کو آن لائن یا ویب سائٹ (جنہوں نے 3 ڈی سیکیور کی خدمات کو سبسکرائب کیا ہو) پر کارڈ کے ذریعے شاپنگ کرتے وقت اضافی سیکیورٹی مہیا کرتی ہے۔

## شرائط وضوابط:

شرائط سے مراد کارڈ ہولڈر کے کارڈ کے ذریعے مرچنٹ کی ویب سائٹ پر کی جانے والی آن لائن شاپنگ کے سلسلے میں نافذ کردہ تھری ڈی سیکیور سروسز کی نافذ العمل شرائط۔

جلی حروف میں بین کی گئی اصطلاحات میں سے اگر کوئی ذیل میں بیان نہ کی گئی ہو تو اس کے وہی معنی مراد ہوں گے جو ایف بی ایل اسلامی کارڈ کی شرائط وضوابط میں موجود ہیں۔



## بینک کی طرف سے فراہم کردہ تھری ڈی سیکیور سروس اور شرائط کی قبولیت:

- بینک کارڈ ممبر کو تھری ڈی سیکیور سروس مہیا کرتا ہے، تاہم بینک کسی اور سروس فراہم کرنے والے فریق کے ذریعے یا اس کی جانب سے اس سروس یا اس کے کچھ حصے کو چلانے کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔

- بینک کارڈ ممبر کو 3 ڈی سیکیور سروسز کے ساتھ انٹرنیٹ کارڈ پر سامان اور خدمات کی ادائیگی کا اہل بنائے گا۔ ای کامرس سے متعلق کسی بھی قابل اطلاق شرائط وضوابط کو 3 ڈی سیکیور سروسز ویب سائٹ پر آویزاں کیا جائے گا، جو ورچوئل لین دین کی کارروائی کی باقاعدگی کو موثر بناتا ہے اور ان شرائط وضوابط کو مذکورہ شرائط وضوابط کے تحت پڑھا جائے گا۔ ان میں کارڈ ممبر کے قانونی حقوق اور ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ بینک کے قانونی حقوق اور فرائض کے بارے میں اہم معلومات شامل ہیں۔ تھری ڈی سیکیور ٹرانزیکشن میں داخلے سے قبل، اگر وہ شرائط وضوابط اور/ یا کسی پراڈکٹ اور/ یا خدمت کے مخصوص شرائط وضوابط کے کسی بھی حصے کو نا سمجھنے کی صورت میں، بینک سے رجوع کرنا کارڈ ممبر کا فرض ہے۔

- کارڈ ممبر اس بات سے متفق ہے کہ تھری ڈی سیکیورٹی سروس کا استعمال ان شرائط کے بارے میں کارڈ ممبر کی قبولیت کی نمائندگی کرتا ہے ساتھ ساتھ ترمیم شدہ شرائط کی نظرثانی کی درخواست کے بعد خدمات

کے استعمال کو جاری رکھنا ان ترمیم شدہ شرائط وضوابط اور قابل اطلاق ہدایات وقواعد کی قبولیت شمار ہوگی۔ جب تک کہ واضح طور پر اس کے برخلاف ہدایات نہ دی جائیں تمام نئی خصوصیات جو تھری ڈی سیکیورٹی سروس کو بڑھاتی یا تبدیل کرتی ہیں بینک کی صوابدید پر وہ بھی ان شرائط کے تابع ہوں گی۔ بینک کی درخواست پر کارڈممبران شرائط کے غیر الیکٹرانک ورژن پر دستخط کرنے پر راضی ہے۔

## 5.2 انٹرنیٹ تک رسائی

5.2.1 تھری ڈی سیکیورٹی سروس استعمال کرنے کے لئے، کارڈممبر کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرنے کی قابلیت ہونی چاہئے اور اس طرح کی رسائی سے وابستہ کسی بھی سروس فیس کی ادائیگی ضروری ہے۔ اس کے علاوہ، کارڈممبر کے پاس انٹرنیٹ سے اس طرح کے کنکشن بنانے کے لئے بنیادی سامان ہونا ضروری ہے، جس میں کمپیوٹر اور موڈیم یا دیگر متعلقہ ڈیوائس بھی شامل ہیں

5.2.2 کارڈممبر کو تھری ڈی سیکیور سروس استعمال کرنے کے لئے لازمی طور پر ایک درست موبائل فون نمبر اور/ یا ای میل ایڈریس بینک کے ساتھ رجسٹر کرنا ہوگا۔ کارڈممبر موبائل فون نمبر اور/ یا ای میل ایڈریس



کے متعلق تھری ڈی سیکیور سروس استعمال کرنے سے پہلے اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بینک کی ریکارڈ میں کارڈممبر کا تازہ ترین نمبر اور/ یا ای میل ایڈریس محفوظ ہے۔ اگر کارڈممبر کا موبائل فون نمبر بینک کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہے تو، بینک تھری ڈی سیکیورٹی سروس فراہم کرنے میں ناکامی اور/ یا اس سے ہونے والے کسی بھی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ مزید برآں بنیادی کارڈممبر کے لئے ایس ایم ایس الرٹ/ برقی گوشوارے کا اندراج آن لائن ادائیگیوں کے لئے ناگزیر ہے۔

5.2.3 ون ٹائم پاس ورڈ (او ٹی پی) مواصلات کے چینل کو منتخب کرکے، کارڈممبر بینک کو بینک میں رجسٹرڈ اپنے موبائل نمبر اور/ یا ای میل ایڈریس پر چھ( (06 ہندسوں والا او ٹی پی بھیجنے کا اختیار دیتا ہے۔

5.2.4 اس کے ساتھ ہی کارڈممبر تسلیم کرتا ہے اور اتفاق کرتا ہے کہ ایس ایم ایس کی ترسیل اور/ یا ای میل کی فراہمی بینک کے دائرہ اختیار سے باہر ہے۔ اس کے علاوہ، ایس ایم ایس کی ترسیل اور ای میل کی فراہمی میں تاخیر/ عدم فراہمی ہوسکتی ہے، جس کے لئے بینک کسی بھی صورت میں کسی بھی طرح ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## 5.3 تھری ڈی سیکیورٹی سروس کا استعمال

5.3.1 آن لائن آپ کے کارڈ کے غیر مجاز استعمال کو روکنے کے لئے، تھری ڈی سیکیور سروس ایک نیا حفاظتی اقدام متعارف کرائے گی کہ جب بھی کارڈ ممبر کسی 3 ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ پر آن لائن ادائیگی کرے گا۔ تمام تھری ڈی سیکیور سروس ویب سائٹوں پر ایک تھری ڈی سیکیور، ویزا کے ذریعہ تصدیق شدہ اور/ یا ماسٹر کارڈ سیکیور کوڈ لوگو اس ویب سائٹ پر ظاہر ہوگا۔

5.3.2 جب بھی کارڈ ممبر تھری ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ پر تھری ڈی سیکیور سروس کا استعمال کرتا ہے، کارڈ ممبر کو تھری ڈی سیکیور ویب پیج پر بھیج دیا جاتا ہے جس پر تمام کارڈ ممبر تھری ڈی محفوظ خدمات کے لئے رجسٹرڈ ہیں۔

5.3.3 جب بھی کارڈ ممبر کسی تھری ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ کے ذریعہ آن لائن ادائیگی کرنے کے لئے ، کارڈ ممبر کو بٹن پر کلک کرنے کا اشارہ کیا جائے گا تا کہ وہ ایک منفرد چھ (60) ہندسوں والے اوٹی پی کی درخواست کرے۔ اس کے بعد ایک اوٹی پی کارڈ ممبر کی ترجیح کے مطابق ایس ایم ایس اور/ یا ای میل



کے ذریعے بھیجا جائے گا۔ بینک نے جو اوٹی پی کارڈ بھیجا ہے وہ ہر ادائیگی کے لئے منفرد ہوگا اور ہوگا صرف 10 منٹ تک کارآمد ہوگا۔

5.3.4 کارڈ ممبر کے ذریعہ اوٹی پی کے غلط اندراج پر مرچنٹ اس متعلقہ لین دین کو مسترد کر سکتا ہے، جس کے لئے بینک کسی بھی طرح ذمہ دار نہیں ہوگا۔

5.3.5 تھری ڈی سیکیور سروس کا استعمال کر کے، کارڈ ممبر 3 ڈی سیکیور سروس کو کارڈ ممبر کے شناختی ثبوت کی غرض کے لئے استعمال پر متفق ہوتا ہے، جس میں باقاعدہ متعین دورانیہ پر بار بار پیش آنے والی لین دین کی اجازت بھی شامل ہیں۔

5.3.6 کارڈ ممبر یہ بات سمجھتے ہوئے اور غیر مشروط طور پر ایس ایم ایس انتباہات اور/ یا برقی گوشوارے سمیت کارڈ ایکٹیویشن اور رابطہ کے اندراج میں امکانی تاخیر سے اتفاق کرتا ہے اور تھری ڈی سیکیورٹی خدمات کو قابل استعمال بنانا بینک کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے، اور اس سلسلے میں بینک کو تحفظ فراہم کرے گا اور خود ذمہ داری قبول کرے گا۔

5.3.7 تھری ڈی سیکیورٹی خدمات کو کامیابی کے ساتھ استعمال کرنے کے لئے کارڈ ممبر کو لازمی طور پر بینک کو

درست اور حالیہ رابطہ کی معلومات فراہم کرنا ہوگی اور بینک کو کارڈ ممبر کے موبائل فون اور ای میل اکاؤنٹ تک رسائی دینی ہوگی۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ کوئی بھی کارڈ ممبر جو اپنے تازہ ترین رابطے کی تفصیلات بینک کو فراہم نہیں کرتا اور اپنے کارڈ کے لئے ایس ایم ایس یا ای اسٹیٹمنٹ سروس کے لئے اندراج نہیں کرواتا ہے، اسے تھری ڈی سیکیور سروس استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

5.3.8 بینک کے ذریعہ استعمال کی جانے والی رابطے کی معلومات کارڈ ممبر کے ذریعہ ان کی ابتدائی درخواست میں قابل ترمیم فراہم کی جانے والی رابطے کی معلومات ہونگی۔ ضمنی کارڈ ہولڈرز کے لئے رابطے کی معلومات جو ابتدائی درخواست کے وقت قابل ترمیم فراہم کی جانی والی رابطہ کی معلومات ہوگی۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ ایس ایم ایس اور/ یا ای اسٹیٹمنٹ سروس کیلئے ضمنی کارڈ ہولڈر کا اندراج قابل عمل نہیں ہے

5.3.9 کارڈ ممبر کی رابطہ کی غرض سے فراہم کردہ معلومات غلط، عارضی یا نامکمل ہونے یا معقول وجوہات کی بنیاد پر بینک کو یہ شبہ ہوجائے کہ کارڈ ممبر کی رابطہ کی غرض سے فراہم کردہ معلومات غلط، عارضی یا نامکمل ہے تو ایسی تمام صورتوں میں بینک کارڈ ممبر کی تھری ڈی سیکیورٹی سروس کی حالیہ یا مستقبل کے استعمال



کی معطلی اور منسوخی کا مجاز ہے۔

5.3.10 اگر کارڈ ممبر اپنے شناختی ثبوت کی فراہمی کے لئے مناسب معلومات فراہم کرنے میں ناکام ہوجائے تو بینک اس طرح کے کارڈ ممبر کو تھری ڈی سیکیورٹی سروس فراہم نہیں کرسکتا۔ اور اسی کے تحت بینک کارڈ ممبر کو تھری ڈی سیکیورٹی سروس استعمال کرنے کی اجازت نہ دینے کا حق رکھتا ہے۔ کارڈ ممبر اس کے ذریعہ اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ فراہم کردہ معلومات درست ہیں اور کارڈ ممبر کو تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے ذریعے ٹرانزیکشن کرنے کا قانونی حق حاصل ہے۔

5.3.11 بینک کے داخلی ریکارڈ اور کارڈ اور متعلقہ اکاؤنٹ سے متعلق معلومات یا کارڈ ممبر کے تھری ڈی سیکیورٹی سروس سے متعلق معلومات کے درمیان عدم مطابقت کی صورت میں بینک کے داخلی ریکارڈ قابل اعتبار ہونگے جب تک کہ اس کے برخلاف ثبوت موجود نہ ہو۔

5.3.12 کارڈ ممبر، تھری ڈی سیکیور ٹرانزیکشن یا تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے استعمال سے متعلق کسی بھی سوال کی صورت میں بینک کے 24 گھنٹے فون بینکنگ (120-111-111-524) پر رجوع کریں گے

## 5.4 تھری ڈی سیکیورٹی سروس کی معطلی/منقطعی:

5.4.1 بینک کسی بھی وقت، کسی بھی وجہ سے 30 دن کی پیشگی تحریری اطلاع کے بعد تھری ڈی سیکیور سروس کو روکنے یا معطل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اگر اس تعطل کے نفاذ کے تحت یا اس کے سبب سے کارڈممبر کو کوئی نقصان ہوتا ہے تو بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

5.4.2 کارڈممبر کی رابطہ کی غرض سے فراہم کردہ معلومات غلط، عارضی یا نامکمل ہونے یا معقول وجوہات کی بنیاد پر بینک کو یہ شبہ ہوجائے کہ کارڈممبر ایسی صورت حال میں ہوسکتا ہے تو ایسی تمام صورتوں میں بینک کارڈممبر کی تھری ڈی سیکیورٹی سروس کو فوری طور بند یا معطل کرسکتا ہے۔ مزید کسی قانونی تقاضے یا ضابطہ کار یا حکومتی احکامات یا ہدایت کی تعمیل کی غرض سے بینک کو تھری ڈی سیکیورٹی سروس بند کرنے کی ضرورت ہو جس کا تدارک 30 دن سے بھی کم وقت میں ہونا چاہئے ایسی صورت میں اس تقاضے کے مطابق بینک کارڈ بند کرنے سے متعلق کارڈممبر کو پیشگی تحریری اطلاع فراہم کریگا۔



## کارڈممبر کی ذمہ داریاں:

i) کارڈممبر کے تھری ڈی سیکیورٹی سروس یا تھری ڈی سیکیورٹی ویب سائٹس کے استعمال میں تمام قابل اطلاق قوانین، قوانین، آرڈیننسز اور ضوابط کی تعمیل کرنے کا پابند ہے۔

ii) کارڈمیمبر مندرجہ ذیل ذمہ داریوں کو بھی تسلیم کرتا ہے اور اس سے اتفاق کرتا ہے کہ

a) تصدیق کرنے کے لئے کہ تمام مرچنٹ آرڈر فارموں میں درج معلومات درست ہے

b) ہر خریداری پر تصدیق کہ تھری ڈی سیکیور سروس ٹرانزیکشن اسکرین پر ظاہر کردہ معلومات درست ہے

c) کارڈممبر تھری ڈی سیکیورٹی سروس اور/ یا جاری کردہ OTP کا استعمال کرتے ہوئے ہونے والی تمام تر لین دین یا دیگر سرگرمیوں کے لئے مکمل طور پر ذمہ دار ہوگا۔

d) ہر او ٹی پی کی حفاظت اور 3 ڈی سیکیور سروس اور او ٹی پی کے استعمال اور/ یا رسائی کو کسی تیسرے فریق کو منتقل یا فروخت نہ کرنا۔

e) اگر تھری ڈی سیکیور سروس کے لئے کارڈممبر کو جاری کردہ OTP یا کارڈ چوری یا خراب ہوجائے یا

کارڈممبر کی تفتیشی معلومات میں سے کسی کا انکشاف ہو جائے تو فوری طور پر بینک کو اطلاع دیں۔

f) فریق ثالث کے تمام دعوؤں سے بینک اور اس کے خدمت فراہم کنندگان کو تحفظ فراہم کرے گا اور معاوضہ اور نقصان کی ذمہ داری قبول کریگا

g) کارڈممبر اسٹیٹمنٹ آف چارجز سے آگاہی رکھیں گے جس میں تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے تحت کسی قابل اطلاق چارجز میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاسکتی ہے۔

## iii. قابل اجتناب امور:

کارڈممبر اتفاق کرتے ہوئے تسلیم کرتا ہے اور معاہدہ کرتا ہے کہ کسی بھی صورت میں مندرجہ ذیل امور کو انجام نہیں دے گا:

a) تھری ڈی سیکیور سروس کے ذریعہ استعمال ہونے والے کسی بھی کمپیوٹر سافٹ ویئر یا ہارڈ ویئر یا ٹیلی مواصلات کے سامان کی رکاوٹ، تباہی یا اس کو محدود کرنے کے لئے تیار کردہ پروگرام، سافٹ ویئر ،وائرس یا کسی دوسرے کمپیوٹر کوڈ پر مشتمل کسی بھی مواد کو اپ لوڈ ، پوسٹ ، ای میل یا دوسری صورت میں منتقل کرنا



b) کسی بھی تھری ڈی سیکیورٹی سروس کی ویب سائٹ پر اسپام یا ہجوم برپا کرنا

c) تھری ڈی سیکیور سروس یا تھری ڈی سیکیورٹی سروس ویب سائٹ کے کسی بھی حصے یا تھری ڈی سیکیور سروس کے سلسلے میں استعمال ہونے والے سافٹ ویئر میں ترمیم ، ذیلی لائسنس ، رجمہ ، فروخت ، ریورس انجینئر ، ڈیکمپائل یا جدا کرنا۔

d) کسی بھی حق اشاعت، ٹریڈ مارک، یا تھری ڈی محفوظ خدمات میں شامل ملکیتی حقوق کے دیگر نوٹسز کو ہٹانا۔

e) تھری ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ کے کسی بھی حصے کو تھری ڈی سیکیورٹی سروس کو بینک کی سابقہ تحریری اجازت کے بغیر فریم یا مرر (mirror) کرنا

f) تھری ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ یا تھری ڈی سیکیور کے نیویگیشنل ڈھانچے کو یا اس کے مندرجات کو ناگوار بنانے کی غرض سے کسی بھی روبوٹ، اسپائڈر، سائٹ کی تلاش/ بازیافت کی ایپلی کیشن، یا دیگر دستی یا خودکار نظام کی ڈیوائس یا بازیافت کرنے کا طریقہ اشاریہ، ڈیٹا مائن کا استعمال کرنا۔

g) کسی دوسری صورت میں 3 ڈی سیکیورسروس کے ساتھ مداخلت یا خلل ڈالیں یا 3 ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ یا 3 ڈی سیکیورسروس سے منسلک سرورز یا نیٹ ورکس یا ان شرائط وضوابط یا تھری ڈی سیکیورٹی سروس سے منسلک کسی بھی نیٹ ورک کی شرائط وضوابط یا ضابطوں کی خلاف ورزی کریں۔

h) دانستہ یا نادانستہ طور پر کسی بھی قابل اطلاق مقامی، ریاستی، قومی یا بین الاقوامی قانون، ضابطہ، یا عدالتی یا انتظامی تشریح، یا بینک سیکیورسروس کے استعمال کے سلسلے میں بینک یا اس کے خدمات فراہم کنندگان کے ذریعہ قائم کردہ کسی اصول یا ظوابط کی خلاف ورزی کرنا۔

i) تھری ڈی سیل سروس، یا کسی بھی 3 ڈی سیکیورسروس ویب سائٹ یا اس کے کسی حصے کو دوبارہ فروخت کرنا۔ تھری ڈی سیکیورٹی سروس یا اس ویب سائٹ یا اس کے کسی بھی حصے سے مشتقات (derivatives) بنانا۔ دوسرے صارفین کے ذریعہ فراہم کردہ کسی بھی معلومات کو ان کی واضح تحریری اجازت کے بغیر جمع یا استعمال کرنا یا کسی بھی ڈیٹا سے متعلق تھری ڈی سیکیورٹی سروس یا اس ویب سائٹ کے ذریعے قابل رسائی معلومات کی ڈیٹا مائننگ یا ڈیٹا نکالنے کی کسی بھی قسم میں مشغول ہونا۔



j) اس طرح سے تھری ڈی سیکیورسروس or تھری ڈی سیکیورسروس ویب سائٹ کا استعمال کرنا کہ جس کے نتیجے میں:

I. کسی تیسرے فریق کے کاپی رائٹ، پیٹنٹ، ٹریڈ مارک، تجارتی راز، یا دیگر ملکیتی حقوق یا تشہیر یا رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

II. جعلسازی کرنا یا جعلی یا چوری شدہ اشیاء کی فروخت کرنا لازم آتا ہو۔

III. کسی بھی قانون، آرڈیننس یا ضابطے کی خلاف ورزی ہو (غیر محدود طور پر ایکسپورٹ کنٹرول ،صارفین کے تحفظ، غیر منصفانہ مسابقت، امتیازی سلوک، یا جھوٹی تشہیر کے نافذ العمل قوانین کے بشمول)

IV. غلط، گمراہ کن، یا غلط ہونا

V. بینک یا اس کے خدمات فراہم کرنے والوں پر ذمہ داری ڈالنا یا بینک یا اس کے سروس فراہم کرنے والوں کو اپنے خارجی فراہم کنندگان کی خدمات (مکمل یا جزوی طور پر) کھونے کا سبب بنیں۔

VI. بدنام کرنے، تجارت کا ناجائز، غیر قانونی طور پر دھمکی دینے ، یا غیر قانونی طور پر ہراساں کرنے والا بننا۔

VII. فحش ہونا یا فحاشی مبنی یا بچوں کی فحاشی پر مشتمل ہو۔

k) بینک کے ذریعہ یا اس کے خدمات فراہم کنندگان کے سرور سے متعلق کوئی بھی معلومات، سافٹ وئیر یا ڈیٹا جو حفاظتی طریقہ کار یا آلات کے ذریعہ محفوظ ہو (سوائے کارڈممبر کی ذاتی معلومات کے) تک رسائی حاصل کرنے یا حاصل کرنے کی کوشش کرنا جو بصورت دیگر انکرپٹ ہے اور کسی دوسری صورت میں عام طور پر عوام کے لئے دستیاب نہیں۔

l) تھری ڈی سیکیور سروس یا تھری ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ کا استعمال اس انداز میں کرنا جو تھری ڈی سیکیور سروس یا تھری ڈی سیکیورٹی سروس ویب سائٹ کے دوسرے صارفین کے مکمل استعمال میں خلل انداز ہو۔

m) 3 ڈی سیکیورٹی سروس کا استعمال کرتے ہوئے کسی بھی شخص یا ادارے کی نقالی کرنا۔ کارڈممبر نے



اعتراف کرتا ہے کہ تاجروں کی پیش کردہ مختلف اشیاء یا خدمات کارڈممبر کے خطے میں ممنوع ہو سکتی ہیں۔

## 5.8 بینک کی ذمہ داریاں:

5.8.1 بینک کارڈممبر یا کسی فریق کے لئے تھری ڈی سیکیورٹی سروس میں کسی بھی طرح کی ترمیم یا بندش کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

5.8.2 کسی بھی معاملے میں بینک کسی بھی حقیقی، واقعاتی، خصوصی یا بالواسطہ نقصانات کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا جیسے کہ کارڈممبر کے تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے استعمال کے نتیجے میں کارڈممبر کے کمپیوٹر یا ٹیلیفون سروس کو پہنچنے والا کوئی نقصان۔

5.8.3 تھری ڈی سیکیور سروس یا ویب سائٹ استعمال کرنے، یا اسے ڈاؤن لوڈ کرنے کے وجہ کارڈممبر کے کمپیوٹر کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان کا بینک نہ تو ذمہ دار ہے اور نہ اسکے اس کا قصوروار ٹھرایا جائے گا۔

5.8.4 کارڈممبر کی غفلت یا دھوکہ دہی یا مذکورہ شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں 3 ڈی سیکیور

سروس کے استعمال یا اس سلسلے میں پیدا ہونے والے تمام دعووں، نقصانات اور نتائج کے لئے کارڈ ممبر ذمہ دار ہوگا۔

## 5.9 تاجر کے ساتھ کارڈ ممبر کے تنازعات:

5.9.1 آن لائن تاجروں کے ساتھ یا تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے ذریعے سامان یا خدمات کی فراہمی اور کسی بھی دیگر شرائط وضوابط، وارنٹی یا اس طرح کے معاملات سے وابستہ نمائندگیوں سمیت کارڈ ممبر کی خط و کتابت یا کاروباری معاملات، یا ان کی پروموشنز میں شرکت صرف اور صرف کارڈ ممبر اور اس طرح کے مرچنٹ کے درمیان ہونگی اور ان معاملات کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی طرح کے نقصان یا خطرے کا وہ چاہے جس انداز کے بھی ہوں بینک ذمہ دار اور پابند نہیں ہوگا۔

5.9.2 کارڈ ممبر کو تھری ڈی سیکیورٹی سروس دستیاب کر کے بینک کسی بھی تاجر کی نمائندگی نہیں کر رہا ہے، نہ کوئی وارنٹی دے رہا ہے، اور نہ یہ فراہمی کسی بھی تجارتی تجویز کی سفارش یا اس کی توثیق کی غمازی کرتی ہے، اور نہ ہی بینک تاجر کی شناخت کی تصدیق کرتا ہے۔ بینک اس سلسلے میں کسی بھی نمائندگی/ضمانت سے انکاری ہے۔



5.9.3 کارڈ ممبر واضح طور پر سمجھتا ہے اور اتفاق کرتا ہے کہ تھری ڈی سیکیور سروس کے استعمال کے ذریعے حاصل کردہ کوئی بھی سافٹ ویئر کارڈ ممبر کے اپنی صوابدید اور ذمہ داری پر ڈاؤن لوڈ اور استعمال کیا جاتا ہے اور، کارڈ ممبر کے تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے ذریعہ سافٹ ویئر یا دیگر مواد کے ڈاؤن لوڈ یا استعمال کے نتیجے میں کمپیوٹر سسٹم کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان یا ڈیٹا کے ضائع ہونے کی صورت میں کارڈ ممبر مکمل طور پر خود ذمہ دار ہے۔ جب تک کے اس کے برخلاف کی وضاحت ان قابل ترمیم شرائط میں نہ کی گئی ہو۔

5.9.4 کسی بھی قابل اطلاق ریاستی قانون کی ضرورت کے علاوہ، بینک تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے بارے میں کسی خاص مقصد کے لئے تجارتی مہارت کی ضمانتوں سمیت کسی بھی طرح کی، کسی بھی قسم کی واضح یا مضمر کوئی پیشی اور ضمانت نہیں دیتا۔ نافذ شدہ قانون لاگو وارنٹیوں کو ممکنہ طور پر خارج کرنے کی اجازت نہ دینے کی صورت میں مذکورہ بالا استثناءت آپ پر لاگو نہیں ہونگے۔

## 5.10 شرائط وضوابط میں ترمیم

5.10.1 بینک وقتاً فوقتاً ان شرائط میں حالات کے تقاضے کے مطابق ترمیم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ ایسی ترمیم

کی صورت میں، بینک ترمیم شدہ مسودہ بینک کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرے گا۔ اور اس ترمیم کے بعد سے کارڈ ممبر کے تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے مستقل استعمال کو ترمیم شدہ شرائط وضوابط پر کارڈ ممبر کی قبولیت کے طور پر تشکیل دیا جائے گا۔

5.10.2 بینک کارڈ ممبر کو بینک میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کا نوٹس عام طور سے درکار وقت کے اندر اندر دینے کی کوشش کرے گا۔ اگر بینک کوئی ایسی تبدیلی کرتا ہے جو (بینک کی اپنی واحد صوابدید پر) کارڈ ممبر کے لئے نقصان دہ ہے، بینک کارڈ ممبر کو کم از کم 30 دن کا نوٹس دے گا۔ بینک ان شرائط سے متعلق کارڈ ممبر کو ذرائع ابلاغ کی کوئی بھی صورت جسے بینک اپنے لئے مناسب سمجھے اس کے ذریعے نوٹس فراہم کرسکتا ہے، جس میں بینک کی ویب سائٹ پر نئی شرائط اپ لوڈ کرنا اور کارڈ ممبر کو ایس ایم ایس، یا مواصلات کے دیگر الیکٹرانک ذرائع بھی شامل ہیں۔

## 5.11 تھری ڈی سیکیورٹی سروس ویب سائٹ کے دانشورانہ املاک کے حقوق:

5.11.1 تھری ڈی سیکیور سروس اور 3 ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ، اور ملکیتی حقوق اور دانشورانہ املاک کے



حقوق بینک اور/ یا اس کے خدمت فراہم کنندگان کے پاس ہیں۔ دانشورانہ املاک کا مطلب ایجادات، جاننے کا طریقہ، پیٹنٹ حقوق، اور رجسٹریشن اور اپلی کیشنز، تجدیدات اور توسیعات، کاپی رائٹس، حق اشاعت کے کام/تصنیف (بشمول کمپیوٹر کوڈ، تھیمز، اشیاء، تصورات، آرٹ ورک، انیمیشن، آوازیں، صوتی اور تصویری اثرات، آپریشن کے طریقے اور کوئی متعلقہ دستاویزات) حق اشاعت کے اندراجات اور درخواستیں، تجدید نو اور توسیع، لہذا ٹریڈ مارک، خدمت کے نشان، تجارتی نام، تجارتی نشان کی رجسٹریشن اور درخواستیں، تجدیدات اور توسیعات، اس کے تحت حقوق میں ٹریڈ ڈریس، وابستگی، سالمیت اور اسی طرح کے اخلاقی حقوق، تجارتی راز اور دیگر دانشورانہ املاک اور ملکیتی حقوق جو پاکستان کے قانون اور قابل اطلاق غیر ملکی اور بین الاقوامی قوانین، معاہدوں اور کنونشنز کے ذریعہ تسلیم شدہ ہیں۔

5.11.2 تھری ڈی سیکیورٹی سروس، بینک کی ویب سائٹ، اور تھری ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ پاکستان اور دوسرے ممالک کے کاپی رائٹ اور دوسرے قوانین کے ذریعہ محفوظ ہیں۔ تھری ڈی سیکیور سروس میں کچھ مخصوص مواد اور ٹیکنالوجی جسے تاجروں نے تخلیق کیا ہو اور/ یا تیسرے فریق کی ملکیت ہوں کہ علاوہ بینک کی ویب سائٹ، اور 3 ڈی سیکیور سروس ویب سائٹ اور اس میں وابستہ تمام مواد، معلومات، ویب سائٹس، سوفٹ ویئر اور دیگر مواد کے تمام حقوق، عنوان اور وابستگی بینک اور/ یا اس کے سپلائرز برقرار رکھتے ہیں۔

5.11.3 کارڈممبر تھری ڈی سیکیورٹی سروس اور ویب سائٹ سے متعلق کسی بھی املاک کے دانشورانہ حقوق کے خلاف کسی بھی موقع پر پیشگی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی قسم کے ایسے اقدام نہ کرنے پر متفق ہے جس کے تحت مذکورہ حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

### 5.12 تحفظ وتلافی:

ان شرائط کو قبول کرتے ہوئے کارڈممبر بینک اور اس کے خدمات فراہم کرنے والوں کو، کارڈممبر کے تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے استعمال یا مذکورہ شرائط کی خلاف ورزی یا کارڈممبر کے مجاز استعمال کے تحت پیش آمدہ کسی بھی فریق کے دعوے، نقصانات، واجبات، اخراجات اور لاگت بشمول معقول قانونی فیس اور اخراجات کے مقابل دفاع اور تحفظ فراہم کرنے اور معاوضہ کی ادائیگی پر متفق ہے۔ بینک اپنے اخراجات پر یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کسی بھی ایسے معاملے کا جو بصورت دیگر کارڈممبر کے ذریعہ ہرجانہ ومعاوضے سے مشروط ہوتا کا خصوصی دفاع اور کنٹرول اپنے ذمہ لے لے اور ایسی صورت میں کارڈممبر ہر ممکنہ دفاع کا تدارک کرنے میں بینک کے ساتھ تعاون کرے گا اور کارڈممبر بینک کی پیشگی تحریری رضامندی کے بغیر بینک کی جانب سے کوئی کارروائی یا دعوے خود سے طے نہیں کرے گا۔



### 5.13 نافذ العمل قوانین:

یہ شرائط وضوابط پاکستان کے قابل اطلاق قوانین کے تابع ہوں گے اور تمام تنازعات کے حل کے لئے عدالتوں کی طرف رجوع کیا جائے گا۔

### 5.14 عمر اور ذمہ داری:

کارڈممبر واضح کرتا ہے کہ وہ تھری ڈی سیکیورٹی سروس استعمال کرنے اور تھری ڈی سیکیور سروس کے استعمال کے نتیجے میں پیدا ہونے والے کسی بھی قانونی ذمہ داری کی پابندی کے لئے مناسب قانونی عمر کے حامل ہیں۔ کارڈممبر اور جوان کا پاس ورڈ یا تصدیق کی دیگر معلومات استعمال کرنے کے لئے کارڈممبر کے ذریعہ مجاز ہیں کے ذریعہ تھری ڈی سیکیورٹی سروس کے تمام استعمال کے وہ مالی طور پر ذمہ دار ہیں جب تک کہ قابل اطلاق قانون یا شرائط وضوابط اس کے خلاف کا تقاضا کریں۔

### چپ اور خفیہ کوڈ

آپ کے فیصل بینک کارڈ میں ایک سرایت شدہ مائکروچپ ہے جس پر آپ کے کارڈ کا ڈیٹا حفاظتی طریقے سے محفوظ کیا جاتا ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کا کارڈ منفرد ہے اور اسے نقل نہیں کیا جاسکتا۔

کسی دوکاندار سے اپنے نئے چپ اور پن کارڈ کے ذریعے نقد یا رٹیل لین دین کرتے ، وقت آپ کو اپنے 4 ہندسوں کے خفیہ کوڈ کا اندراج کرنا ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کا کارڈ کبھی گم یا چوری ہوجاتا ہے تو، کوئی دوسرا اسے استعمال نہیں کرسکتا ہے، کیوں کہ صرف آپ کو ہی آپ کا خفیہ کوڈ معلوم ہے۔ اور یہ آپ کو اپنی تمام لین دین میں ایک اضافی حفاظت فراہم کرتا ہے جو کہ بالآخر ذہنی سکون کا باعث ہے۔

کارڈ کو فعال کرتے وقت ، اب آپ کو فون بینکنگ سے 021-111-06 06 06 پر رابطہ کر کے ایک ذاتی شناختی نمبر (PIN) تیار کرنے کی ضرورت ہوگی۔

جب آپ اپنا کارڈ کسی مرچنٹ آؤٹ لیٹ پر خریداری کے لئے، استعمال کرتے ہیں تو، مرچنٹ POS مشین میں کارڈ داخل کرے گا اور کارڈ کو مشین میں رکھنے کے دوران آپ کو ایک PIN درج کرنے کی ضرورت ہوگی۔ کارڈ کے اندر موجود چپ ٹرانزیکشن کی اجازت دے گی اور آپ کو رسید پر دستخط کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

آپ کسی بھی دوکان میں اپنے کارڈ کے ساتھ لین دین کرتے وقت ان اقدامات پر عمل کر سکتے ہیں کریں:

- مرچنٹ ایک پن فعال POS مشین میں آپ کا کارڈ داخل کرتا ہے اور واجب الاداء رقم کا اندراج کرتا ہے



- POS مشین آپ کے ذریعہ داخل کئے جانے والے پن کا اشارہ کرتی ہے
- صحیح پن داخل کرنے پر، لین دین کی تصدیق اور لین دین مکمل ہوجاتی ہے
- پن کے اندراج کی غیر فعال POS مشینوں کے لئے، آپ کو رسید پر دستخط کر کے لین دین کو مکمل کرنا ہوگا۔
- اگر آپ تین سے زائد بار غلط پن کا اندراج کرتے ہیں تو، یہ کارڈ عارضی طور پر بند کردیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ کو PIN ری سیٹ کرنے کے لئے 021-111-06 06 06 پر فون بینکنگ سے رابطہ کرنا ہوگا۔

## اختلاط کے بغیر:(contactless)

ماسٹر کارڈ کانٹیکٹ لیس کارڈ، کارڈ ہولڈر کو POS پر آسانی سے اور جلدی خریداری کو ممکن بناتا ہے محض کارڈ کو ٹیپ کر کے ۔ اختلاط کے بغیر ادائیگی ان جگہوں کے لئے مثالی ہے جہاں برق رفتاری مطلوب ہو اور ملک بھر میں لاکھوں مقامات پر قبول کی جاتی ہے۔ اختلاط کے بغیر لین دین کے لئے آپ کو POS مشین میں اپنا کارڈ سوائپ کرنے یا اپنا پن کوڈ (ادائیگی کی مقررہ حد کے اندر) داخل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اختلاط کے بغیر لین دین کی مقررہ حد کسی بھی وقت متعلقہ انجمنوں اور/ یا مرچنٹ کے بینک کے ذریعہ تبدیل کرائی جاسکتی ہے اور وہ پاکستان میں لین دین تک محدود ہوگی۔ دوسرے ممالک میں متعلقہ قواعد کے مطابق حد کو الگ سے مقرر کیا جاسکتا ہے۔ آپ کے پن کا استعمال کرتے ہوئے مقررہ حد سے زیادہ مقدار کے لین دین مکمل کرسکتے ہیں۔

کسی بھی پی او ایس مشین پر کنٹیکٹ لیس ادائیگی کو مسترد کیا جاسکتا ہے اور اس کے بجائے کارڈ ہولڈر کو پن کا استعمال کر کے لین دین کرنا ہوگی۔

## کارڈ کا ریکارڈ میں اندراج(card on file)

CARD ON FILE میں بار بار ادائیگی یا بلنگ کی جارہی ہوتی ہے ) جب کارڈ ممبر کسی تاجر کو پہلے سے ترتیب شدہ شیڈول (ماہانہ، ہفتہ وار، روزانہ یا سالانہ ) پر ادائیگی کی درخواست کے مطابق بار بار سامان یا خدمات کے کٹوتی کرنے کا اختیار دیتے ہیں۔ CARD ON FILE کارڈ ممبروں کو آن لائن لین دین یا مرچنٹ ایپس پر سامان اور خدمات کے لئے خود بخود ادائیگی کرنے کے قابل بناتا ہے۔